Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 14 | اتوار، 09 اپریل 2023ء، 18 رمضان المبارک 1444ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 03

اسحاق ڈار نے کہا کہ آج سحری سے پہلے روانہ ہو کر کل امریکا پہنچنا تھا، پرسوں سے ورلڈ بینک سے سپرنگ میٹنگ میں شرکت کرنی تھی

پاکستان IMF اور ورلڈ بینک کا رکن ہے کوئی بھکاری نہیں، وزیر خزانہ

مجھے آئی ایم ایف نے منع کر دیا ہے، مجھے آئی ایم ایف منع نہیں کر سکتا، پاکستان آئی ایم ایف اور ورلڈ بینک کا رکن ہے کوئی بھکاری نہیں ہے

پاکستان میں آئینی بحران کی کیفیت ہے، بحیثیت قوم ہم ایک بھنور میں پھنسے ہوئے ہیں، وزیراعظم کے کہنے پر میں نے دورہ امریکا ملتوی کر دیا ہے

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ کوئی کہہ رہا ہے کہ مجھے آئی ایم ایف نے منع کر دیا ہے، مجھے آئی ایم ایف منع نہیں کر سکتا، پاکستان آئی ایم ایف اور ورلڈ بینک کا رکن ہے کوئی بھکاری نہیں ہے۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے وزیر خزانہ اسحاق ڈار کا کہنا تھا وزارت خزانہ کی اہم ذمہ داری پیسوں کے حوالے سے ہے، سپریم کورٹ نے وفاقی حکومت کو الیکشن کمیشن کو 21 ارب روپے دینے کا کہا ہے، سپریم کورٹ کی جانب سے وفاقی حکومت کو رقم فراہم کرنے کے لیے 10 اپریل کی مہلت دی گئی ہے، عدالت نے الیکشن کمیشن کو یہ ہدایت بھی دی کہ 11 اپریل تک پیشرفت سے آگاہ کیا جائے۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ آج سحری سے پہلے روانہ ہو کر کل امریکا پہنچنا تھا، پرسوں سے ورلڈ بینک سے سپرنگ میٹنگ میں شرکت کرنی تھی لیکن آئی ایم ایف اجلاس سے متعلق میڈیا پر قیاس آرائیاں ہو رہی ہیں، آئی ایم ایف کی اپریل میں سپرنگز اور سالانہ میٹنگز ہوتی ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان میں آئینی بحران کی کیفیت ہے، بحیثیت قوم ہم ایک بھنور میں پھنسے ہوئے ہیں، وزیراعظم کے کہنے پر میں نے دورہ امریکا ملتوی کر دیا ہے، ملکی حالات کے پیش نظر واشنگٹن میں میٹنگز میں ورچوئل شرکت کروں گا۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ اہم قومی معاملات پر لوز ٹاک اور لوز تجزیہ مناسب نہیں ہے، کوئی کہہ رہا ہے کہ مجھے آئی ایم ایف نے منع کر دیا ہے، مجھے آئی ایم ایف منع (بقیہ نمبر 1)

حکمران الیکشن سے بھاگنے کیلئے ہر حربہ آزما رہے ہیں پرویز الٰہی

نگران حکومت سوائے الیکشن کرانے کے وہ سب کام کر رہی ہے جو اس کے دائرہ اختیار میں نہیں آتے، پرویز الٰہی

لاہور (خصوصی خبر نگار) سابق وزیر اعلیٰ پنجاب و مرکزی صدر پاکستان تحریک انصاف چودھری پرویز الٰہی نے کہا ہے کہ حکمران ہر وہ حربہ آزما رہے ہیں جس سے وہ الیکشن سے بھاگ سکیں۔ سابق وزیر اعلیٰ پنجاب سے سپیکر خیبر پختونخوا اسمبلی مشتاق احمد غنی (بقیہ نمبر 2)

صدر عارف علوی پارلیمنٹ کو قانون سازی نہ سکھائیں، شیری رحمان

شیری رحمان کا کہنا تھا کہ صدر نے بل نظر ثانی کیلئے واپس بھیج کر ثابت کیا کہ وہ صدر نہیں بلکہ پی ٹی آئی کے سیکرٹری جنرل ہیں

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) پیپلز پارٹی کی رہنما اور سینیٹر شیری رحمان نے صدر عارف علوی کی جانب سے سپریم کورٹ) پریکٹس اینڈ پروسیجر (بل 2023 نظر ثانی کیلئے پارلیمنٹ کو واپس بھجوانے پر ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ صدر عارف علوی پارلیمنٹ کو قانون (بقیہ نمبر 4)

چیف جسٹس بغیر کسی تاخیر کے مستعفی ہو جائیں، مولانا فضل الرحمٰن

چیف جسٹس عمر عطا بندیال نے جس طرح اپنے متنازعہ فیصلوں سے سپریم کورٹ جیسے معزز اداریکو تقسیم کیا ہے

اسلام آباد (خبر نگار) پی ڈی ایم کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن نے کہا ہے کہ چیف جسٹس نے متنازع فیصلوں سے سپریم کورٹ کو تقسیم کر دیا ہے۔ سماجی رابطوں کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر جاری بیان میں حکومتی اتحاد پی ڈی ایم کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن نے کہا کہ چیف (بقیہ نمبر 3)

وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ بی این اے کے بانی کی گرفتاری سے بلوچستان میں عسکریت پسندی کو کچلنے اور امن کے ایک نئے دور کا آغاز کرنے میں مدد ملے گی

بی این اے سربراہ کی گرفتاری بلوچستان میں امن ہوگا، وزیراعظم

شہباز شریف نے ٹوئٹ کیا کہ بلوچ نیشنل آرمی 'بی این اے، کے بانی کی گرفتاری کے لیے ایک شاندار آپریشن کرنے پر آئی ایس آئی کو دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں

ذرائع کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف اور قومی سلامتی کمیٹی کے تمام شرکا نے ڈیسک بجا کر آئی ایس آئی اور اس کے سربراہ کو شاندار کارنامے پر ڈیسک بجا کر شاباش دی

یہ آپریشن ہمارے اداروں کی شاندار پیشہ ورانہ مہارت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ اس گرفتاری سے بلوچستان میں عسکریت پسندی کو کچلنے اور امن کے ایک نئے دور کا آغاز کرنے میں مدد ملے گی

اسلام آباد (نامہ نگار) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ بی این اے کے بانی کی گرفتاری سے بلوچستان میں عسکریت پسندی کو کچلنے اور امن کے ایک نئے دور کا آغاز کرنے میں مدد ملے گی۔ شہباز شریف نے ٹوئٹ کیا کہ بلوچ نیشنل آرمی) بی این اے (کے بانی کی گرفتاری کے لیے ایک شاندار آپریشن کرنے پر آئی ایس آئی کو دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ یہ آپریشن ہمارے اداروں کی شاندار پیشہ ورانہ مہارت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ اس گرفتاری سے بلوچستان میں عسکریت پسندی کو (بقیہ نمبر 5)



اسلام آباد: بی این اے سربراہ کی گرفتاری سے بلوچستان میں امن ہوگا، وزیراعظم

عمران خان کی پیشی کی کوریج روکنے پر پیمرا سے جواب طلب

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی پیشی کی کوریج روکنے کے پیمرا کے حکم کے خلاف کیس کی سماعت اسلام آباد ہائیکورٹ میں ہوئی، جس میں عدالت نے پیمرا کو نوٹس (بقیہ نمبر 6)

برفانی تودہ گرنے سے 129 فوجیوں، 11 شہریوں نے جام شہادت نوش کیا تھا

سانحہ گیاری کے بعد ہونے والا تاریخی آپریشن ہمیشہ عزم و ہمت کی شاندار مثال رہے گا

لاہور (غلام عباس سے) سیاچن کے گیاری سیکٹر کے سانحے کو 11 سال بیت گئے لیکن قدرتی آفت کے نتیجے میں شہید ہونے والوں کی یادیں آج بھی تازہ ہیں۔ یاد رہے کہ گیاری کے مقام پر سیاچن گلیشیئر کا شمار دنیا کی سب سے بلند ترین دفاعی چوٹیوں میں ہوتا ہے۔ 7 اپریل 2012ء کا دن (بقیہ نمبر 20)

سازش کر کے نواز شریف کو عہدے سے ہٹایا گیا، رانا ثناء اللہ

علاقے کی تعمیر و ترقی میری ذمہ داری ہے، بائی پاس کے قریب اپنا مرکزی دفتر بنا لیا ہے، عید کے بعد مرکزی دفتر کا افتتاح کروں گا

بائی پاس کی تعمیر پر 250 کروڑ لاگت آئی، بائی پاس کا بننا ضروری تھا، موجودہ حکومت انتہائی مشکل حالات میں ملک کو سنبھال رہی ہے

فیصل آباد (خبر نگار وفاقی وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ سازش کر کے نواز شریف کو عہدے سے ہٹایا گیا، عمران خان بے شرم آدمی ہے کسی کی عزت نہیں کرتا۔ فیصل آباد میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے رانا ثناء اللہ نے کہا کہ علاقے کی تعمیر و ترقی میری ذمہ داری ہے، بائی پاس کے قریب (بقیہ نمبر 12)

اسلام آباد: جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کے خلاف کیوریٹو ریویو کی اپیل سماعت کیلئے مقرر

6 رکنی بینچ کے فیصلے کی کوئی حیثیت نہیں، قاضی فائز عیسیٰ نے اعتراض اٹھا دیا

جسٹس فائز عیسیٰ نے کہا کہ غیر قانونی سرکلر کا چیف جسٹس کو بھی خط لکھا لیکن کوئی جواب نہ ملا

تفصیلی نوٹ کے مطابق وفاقی حکومت رجسٹرار عشرت علی کو 3 اپریل کو عہدے سے ہٹا چکی تھی

اسلام آباد (خبر نگار) جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے اپنے فیصلے کے خلاف لارجر بینچ کی کارروائی پر اعتراض اٹھاتے ہوئے کہا ہے کہ 6 رکنی بینچ کے فیصلے کی کوئی حیثیت نہیں۔ جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے حافظ قرآن اضافی نمبرز کیس میں تفصیلی نوٹ جاری کر دیا، تفصیلی نوٹ کے مطابق وفاقی حکومت (بقیہ نمبر 8)

پروفیسر ڈاکٹر ظل ہما ناز گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کا پرو وائس چانسلر مقرر کر دیا گیا

فیصل آباد (جنرل رپورٹر) پروفیسر ڈاکٹر ظل ہما ناز کو گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کا پرو وائس چانسلر مقرر کیا گیا ہے۔ یہ اہم نشست سابق وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد کمال کی ٹریفک حادثہ میں ہلاکت کے بعد سے خالی تھی۔ فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر ڈاکٹر خرم طارق نے محترمہ ظل ہما کی تقرری کا خیر مقدم کیا ہے اور اس توقع کا اظہار کیا ہے کہ وہ اس مادر علمی کے تعلیمی اور تحقیقی معیار کو بہتر (بقیہ نمبر 57)

ملک بھر میں کورونا وائرس کے 53 کیس رپورٹ

ملک کے مختلف شہروں میں 24 گھنٹوں کے دوران کئے گئے، این آئی ایچ

اسلام آباد (رانا فہد سے) ملک بھر میں 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے 53 کیس رپورٹ ہوئے اور 13 مریضوں کی حالت تشویش ناک ہے۔ جمعہ کو قومی ادارہ (بقیہ نمبر 9)

لاہور میں کورونا وائرس پھیلنا شروع، سرکاری ہسپتالوں میں مریض بڑھنے لگے

شہر میں 24 گھنٹے کے دوران 11 کیس رپورٹ ہوئے، محکمہ صحت عامہ کی رپورٹ

لاہور (جنرل رپورٹر) لاہور میں ایک بار پھر کورونا وائرس پھیلنا شروع ہو گیا جس کے باعث سرکاری ہسپتالوں میں مریضوں کی تعداد بڑھ رہی ہے۔ ذرائع کے مطابق لاہور میں 24 گھنٹے کے دوران 11 کیس رپورٹ ہوئے اور دو ہفتوں کے دوران 5 مریض دم توڑنے کی اطلاعات بھی ہیں (بقیہ نمبر 10)

صدر مملکت کا عدالتی اصلاحات بل واپس بھیجنا درست اقدام ہے، پی ٹی آئی

فواد چودھری نے کہا کہ کل قومی سلامتی کمیٹی کا اعلامیہ آیا ہے کہا گیا الیکشن نہیں کرا سکتے، دہشت گردوں کے رحم و کرم پر ہیں

صدر مملکت کا عدالتی اصلاحات کا بل واپس بھیجنا درست اقدام ہے، سپریم کورٹ فیصلہ کرے گی یہ قانون بن سکتا ہے یا نہیں، پی ٹی آئی رہنما

لاہور (نامہ نگار) پاکستان تحریک انصاف) پی ٹی آئی (نے صدر مملکت عارف علوی کے عدالتی اصلاحات کا بل واپس بھیجنے کے عمل کو درست اقدام قرار دیدیا۔ لاہور میں پی ٹی آئی کے رہنما فواد چودھری نے حماد اظہر کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ صدر مملکت کا عدالتی اصلاحات کا بل واپس بھیجنا درست اقدام ہے، سپریم کورٹ فیصلہ کرے گی یہ قانون بن سکتا ہے یا نہیں، قومی اسمبلی کے 342 کے ایوان میں 42 ارکان نے سپریم کورٹ کے کیخلاف قرارداد پر دستخط کیے، یہ سب نااہل ہونے والے ہیں، کسی بھی اہم رکن کے قرارداد پر دستخط نہیں۔ فواد چودھری نے کہا کہ کوئی سیاسی جماعت اتنے بزدل لوگوں پر مشتمل ہو سکتی ہے، کونسی سیاسی جماعت انتخابات سے بھاگ سکتی ہے، دو یا تین رکنی بینچ عوام کا مسئلہ نہیں، عوام فوری انتخابات (بقیہ نمبر 25)

عمران خان کیخلاف ایک اور پرچہ کٹ گیا

ایف آئی آر اسلام آباد کے تھانہ رمنا میں مجسٹریٹ کی مدعیت میں درج کی گئی

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) عمران خان کیخلاف ایک اور پرچہ کٹ گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق چیئرمین تحریک انصاف عمران خان کیخلاف مقدمات درج کرنے کا سلسلہ جاری ہے (بقیہ نمبر 13)

لاہور: پنجاب میں الیکشن، عمران خان نے ٹکٹس کیلئے امیدواروں کے انٹرویو شروع کر دیے

زمان پارک آپریشن: عدالت کی پی ٹی آئی رہنماؤں کو جے آئی ٹی کے سامنے پیش ہونے کی ہدایت

لاہور (خصوصی رپورٹر) لاہور کی انسداد دہشت گردی عدالت نے پی ٹی آئی کے سیکریٹری جنرل اسد عمر رہنماؤں کو پی ٹی آئی کے حامیوں اور پنجاب پولیس کے درمیان 18 مارچ کو زمان پارک میں ہونے والے تصادم کی تحقیقات کے لیے بنائی گئی مشترکہ تحقیقاتی ٹیم (جے آئی ٹی) کے سامنے پیش ہونے کی ہدایت کر دی۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے جج عبہر گل نے پی ٹی آئی رہنماؤں اسد عمر، یاسمین راشد، زبیر نیازی، حسن نیازی، مسرت چیمہ (بقیہ نمبر 15)

اپنے ہر عمل کو اتباع رسالت ﷺ میں ڈھال لیں ہم اس حد تک چلے گئے ہیں

ہم حلال و حرام کی تمیز کیے بغیر مال اکٹھا کرنے میں لگے ہیں امیر عبدالقدیر اعوان شیخ

تحصیل رپورٹر (قمر شہزاد) رمضان المبارک کا دوسرا عشرہ ہے اور ضرورت امر کی ہے کہ ان مبارک ساعتوں میں جو ہم دعویٰ ایمانی رکھتے ہیں کیا اس دعوے میں اتنی قوت ہے کہ ہم اپنی زندگیوں سے غلطیوں کو نکال باہر کریں۔ اور اپنے ہر عمل کو اتباع رسالت ﷺ میں ڈھال لیں۔ دنیاوی زندگی میں ہم نے جو اعمال دکھاوے کے لیے اختیار کر رکھے ہیں وہ بارگاہ الٰہی میں مقبول نہ ہوں گے۔ کیونکہ وہ نہاں خانہ دل میں موجود سب کچھ جانتا ہے۔ امیر عبدالقدیر اعوان شیخ سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ و سربراہ تنظیم الاخوان پاکستان کا جمعۃ المبارک کے موقع پر خطاب! انہوں نے کہا کہ آج ہم اس حد تک چلے گئے ہیں کہ ہمیں آخرت کی کوئی فکر نہیں ہے جہاں ہمیشہ رہنا ہے۔ اس عارضی دنیا کے لیے ہم حلال و حرام کی تمیز کیے (بقیہ نمبر 14)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف 1500/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں.

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website

سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے

Free .top domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے

Call / Whatsapp
0309-7900035

E-Commerce Website
Price: 2000/- PKR

سوئی ناردرن گیس Sui Northern Gas
Media Affairs Department | سیکیا افیئرز ڈیپارٹمنٹ
/SNGPLofficial Helpline: 1199

دنیا جدید ہو رہی ہے تو ہم کیوں پیچھے رہیں

Connection

ایپ اب ایڈوانسڈ فیچرز کے ساتھ

آپ ہوں کہیں بھی، کبھی بھی آن لائن سہولیات سے فائدہ اٹھائیں

گیس کنکشن کی درخواست
گیس بل کی ادائیگی
شکایات کا اندراج
گیس بل کی مکمل ہسٹری
ای میل یا SMS بل کیلئے رجسٹریشن

ایپ ڈاؤن لوڈ کرنے کیلئے QR کوڈ سکین کریں

GET IT ON Google Play

PID(L)2920-D

روزنامہ عوامی للکار Daily Awami Laikaar راولپنڈی
عوام کی بے باک آواز للکار

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

آئی ایم ایف اور پاکستان

اینٹرنیشنل مانیٹری فنڈ) آئی ایم ایف (کی کمیونی کیشن ڈائریکٹر جولی کوزک نے واضح کیا ہے کہ کثیر الجہتی اور دوطرفہ شراکت داروں کی جانب سے بیرونی فنانسنگ کی یقین دہانیوں کے بعد ہی پاکستان کے ساتھ سٹاف لیول معاہدہ ہو پائے گا۔ واشنگٹن میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے عالمی مالیاتی ادارے کی ڈائریکٹر کا کہنا تھا کہ بیرونی شراکت داروں کی بروقت مالی امداد پاکستان کے ساتھ نویں جائزے کی کامیابی یقینی بنانے میں اہم ہوگی، مالیاتی یقین دہانیوں کے بعد پاکستان کے ساتھ اگلا قدم اٹھا سکیں گے۔ جولی کوزک نے کہا کہ آئی ایم ایف اور پاکستانی حکام میں بات چیت جاری ہے، پاکستان نے فیصلہ کن اقدامات پر عمل درآمد شروع کر دیا ہے تاہم پاکستان کو اگلی قسط کے اجرا کے لیے ریویو کا عمل اسی وقت مکمل ہوگا جب بیرونی شراکت کار بروقت مالی امداد فراہمی کی یقین دہانی کرا دیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کے پاس انتہائی ضرورت کے اخراجات کے لیے خاطر خواہ رقم موجود ہے، سٹاف لیول کا معاہدہ اسی وقت ہوگا جب بعض اہم نکات طے پا جائیں گے، آئی ایم ایف پاکستان کے معاملے میں مرحلہ تمام تر یقین دہانیوں کا انتظار کر رہا ہے، پاکستان کو دیگر کثیر الجہتی اداروں سے بھی مدد ملتی ہے جن میں ورلڈ بینک، ایشیائی ترقیاتی بینک، ایشیائی انفرا سٹرکچر انویسٹمنٹ بینک اور دیگر دوطرفہ شراکت دار بالخصوص چین، سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات شامل ہیں۔ آئی ایم ایف عہدیدار کا کہنا تھا کہ فیصلہ کن اقدامات پاکستانی معیشت کو مستحکم کرنے کے لیے ہیں، بیرونی شراکت داروں کی بروقت مالی امداد جائزے کی کامیابی یقینی بنانے میں اہم ہوگی، پاکستان کی معیشت کو سست شرح نمو اور بلند افراط زر کے علاوہ تباہ کن سیلاب کی وجہ سے بڑی مالیاتی ضروریات جیسے چیلنجز کا سامنا بھی ہے۔ ڈائریکٹر نے یہ بھی کہا کہ پاکستان سٹاف لیول معاہدے کے لیے تمام تر معاشی اصلاحات پر عمل درآمد کر رہا ہے۔ پاکستان میں آئی ایم ایف کی نمائندہ ایسٹر پیریز روئز کا کہنا ہے کہ معاہدے پر دستخط سے قبل ایندھن سبسڈی سکیم پر اتفاق ضروری ہے، فنڈ حکومت سے ایندھن سکیم کی تجویز کے بارے میں مزید تفصیلات طلب کرے گا جس میں اس پر عمل درآمد اور غلط استعمال روکنے کے طریقہ کار کی تفصیلات وغیرہ شامل ہوں گی۔ آئی ایم ایف کے ایک اور مطالبے پر سٹیٹ بینک نے سینکڑوں درآمدی اشیا پر عائد کیش مارجن کی شرط واپس لے لی ہے اور اس پر عمل درآمد کے لیے مرکزی بینک کا سرکلر جاری کر دیا گیا۔ مرکزی بینک کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق 31 مارچ سے سینکڑوں درآمدی اشیا پر 100 فیصد کیش مارجن جمع نہیں کرانا پڑے گا جس سے درآمدات اور ڈالر کی طلب بڑھے گی جبکہ پاکستان کے پاس صرف ایک ماہ کی درآمدات کے برابر زرمبادلہ ہے۔ ملکی زرمبادلہ کے ذخائر اس وقت 10 ارب ڈالر سے تجاوز کر چکے ہیں، سٹیٹ بینک کے ڈالرز ذخائر میں 28 کروڑ ڈالر کا اضافہ ہوا ہے جس سے یہ چار ارب 60 کروڑ ڈالر کی سطح تک پہنچ چکے ہیں۔ مرکزی بینک کے اعداد و شمار کے مطابق بینکوں کے پاس کھاتے داروں کے پانچ ارب 54 کروڑ ڈالر کے ڈیمانڈ ڈپازٹس ہیں جبکہ پاکستان کے ذخائر کا مجموعی مالی حجم 10 ارب 14 کروڑ ڈالر ہے۔ موجودہ صورتحال کے پیش نظر کہا جا سکتا ہے کہ 10 اپریل 2023 تک آئی ایم ایف کی 1.2 ارب ڈالر قسط کا اجرا ہوتا نظر نہیں آ رہا، پاکستانی حکومت تا حال سعودی عرب اور دیگر خلیجی ممالک کو خسارہ پورا کرنے میں قائل کرنے میں ناکام رہی ہے اور اب حکومت کی اعلان کردہ پٹرول سکیم نے معاملے کو گھمبیر بنا دیا ہے۔ پاکستان میں گاڑیوں کی تعداد موٹر سائیکلوں سے لگ بھگ دوگنا ہے جبکہ رکشوں، سوزوکی، کیری اور چھوٹی گاڑی کو بھی فیول سبسڈی دینے کا اعلان کیا ہے جس پر آئی ایم ایف حکومت سے یقیناً سوال کر سکتا ہے۔ آئی ایم ایف بضد ہے کہ پاکستان دوست ممالک کے ذریعے چوراہے ڈالر کا بندوبست کر کے دکھائے اور جب تک یہ نہیں ہوتا پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان معاملات تعطل کا شکار رہیں گے۔ معیشت دانوں کی رائے ہے کہ اس چار ارب ڈالر کے شارٹ فال کو پورا کرنے کے لیے پاکستان کو دوست ممالک کے ساتھ الگ الگ بات چیت کرنے کے بجائے انہیں ایک ساتھ اپنا پلان پیش کر دینا چاہیے، امریکہ، عرب ممالک، چین اور پیرس کلب ممالک کے ساتھ اکٹھی بات چیت کرنی چاہیے تاکہ اس معاملے سے جلد از جلد نبٹا جا سکے۔ وہ باتیں جو چھپانے کی کوشش کی جاتی ہے، عالمی مالیاتی اداروں کے ساتھ ساتھ دیگر ذرائع سے بھی ایسی تمام معلومات دنیا بھر کے سامنے آ ہی جاتی ہیں، حکومت کو چاہیے کہ دوست ممالک کے ساتھ معاملات جس سطح پر بھی ہیں، جو کوئی بھی وعدے وعید کیے گئے ہیں ان کی تفصیلات سامنے لائیں تاکہ سب مل بیٹھ کر جائزہ لیں اور بتائیں کہ کیا کچھ کیا جا سکتا ہے اور کیا نہیں۔ ایسا لگ رہا ہے کہ حکومت کے پاس کوئی دوسرا پلان بھی نہیں ہے، آئی ایم ایف اصلاحات پر عملدرآمد کے بغیر دوست ممالک بھی پاکستان کی کسی قسم کی مالی مدد کے لیے تیار نہیں ہیں، سعودی وزیر خارجہ کے ورلڈ اکنامک فورم پر دیے گئے بیان) ہم نے دوست ممالک کی معاونت کا طریقہ کار تبدیل کر لیا ہے، ہم براہ راست مالی مدد کے بجائے شراکت داری چاہتے ہیں (سے ہمیں سمجھ لینا چاہئے تھا کہ اپنی معیشت کی حالت ٹھیک کیے بغیر معاملات کو جیسے چلا نا اب ممکن نہیں رہا، سعودی عرب پاکستان میں 10 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کرنا چاہتا ہے لیکن وہ اس سے قبل ہماری معاشی صحت کے بارے میں فکر مند بھی ہے۔ خبر ہے کہ ایک عالمی کنسورشیم نے پاکستان میں دو ڈیموں کی تعمیر کے لیے 26 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کی پیشکش کی ہے تاہم یہ کنسورشیم کبھی نہیں چاہے گا کہ اس کی سرمایہ کاری ضائع ہو، اس کی کوشش ہوگی کہ وہ زیادہ سے زیادہ مالی فائدہ یا منافع کما سکے، بالکل اسی طرح کوئی بھی ملک یہ نہیں چاہے گا کہ اس کا پیسہ ضائع ہو جائے، اس لیے بہتر یہی ہے کہ اپنے گھر کو درست کر لیا جائے، سرمایہ کاروں کے سرمائے کی قدر کی جائے اور اسے ہر صورت محفوظ بنایا جائے، الٹے تلوں سے نکل کر معاشی نظم و ضبط کے تحت زندگی گزارنے کی عادت ڈال لی جائے۔

خواہش ناتمام

نسیم شاہد

اب تو یہ خواہش ناتمام ہی لگتی ہے کہ ملک میں کوئی ایسی لہر چلے کہ سب دوریاں، ناانصافیاں، کدورتیں اور گلے شکوے مٹ جائیں اور سب ایک بن کر پاکستان کے بارے میں سوچنے لگیں، مل کر فیصلے کریں اور جس دلدل میں ہم پھنستے جا رہے ہیں اس سے نکالیں، اس دور پرخطر میں جو چیز لے جا رہی ہے۔ سیاست میں پارٹیوں کے اپنے اپنے منشور اور پروگرام ہوتے ہیں یہی جمہوریت کی پہچان ہے، اس کا نام سیاست بھی ہے، لیکن ایک نکتے پر وہ سب ایک ہوتی ہیں یا انہیں ایک ہونا چاہئے اور وہ نکتہ ہے قومی مفاد اور قومی یکجہتی کا، بدقسمتی سے اس وقت اس پر شدید ضرب لگ رہی ہے اور سیاست انتشار پھیلانے اور نفرتوں کو ہوا دینے کا ایک ذریعہ بن گئی ہے، ان سیاسی جماعتی کے درمیان خلیج اتنی گہری ہے کہ اس نے بڑھتے بڑھتے عوام کو بھی تقسیم کر دیا ہے اور قومی اداروں کو بھی، اس کی تپش سے پورا سسٹم متاثر ہو رہا ہے اور لگتا ہے کہ اگر اس آگ کو بجھانے کی کوشش نہ کی گئی تو یہ نجانے کس کس کو اپنی لپیٹ میں لے لی گی، ماضی میں ہم نے بڑی سیاسی تحریکیں دیکھی ہیں، آمروں کے خلاف بھی تحریکیں چلی ہیں مگر تقسیم اتنی گہری کبھی نہیں تھی کہ اسے ختم کرنے میں سب قوتیں بے بس ہو گئی ہوں۔ تشویشناک امر یہ ہے کہ سب کچھ ایک منظم آئین کی موجودگی میں ہو رہا ہے جس میں سب کچھ وضاحت سے بیان کر دیا گیا ہے اور حزب اقتدار و حزب اختلاف کے حقوق کا تعین بھی کیا جا چکا ہے۔ المیہ یہ ہے کہ ہر کوئی اس بات کا دعویدار بھی ہے کہ وہ آئین کا احترام کرتا ہے اور اس کی حفاظت کرے گا مگر سوال یہ ہے کہ جب آئین کے مندرجات پر اتفاق رائے ہی پیدا نہیں ہوگا اور ہر کوئی انہیں اپنے مطلب کے معانی پہنائے گا تو بات کیسے بنے گی۔ کہا جا رہا ہے کہ لمحہء موجود میں نظریہء ضرورت اور آئین کے درمیان ایک کشمکش جاری ہے۔ آئین کی موجودگی میں نظریہء ضرورت کیسے آ سکتا ہے۔ نظریہء ضرورت تو ہونا ہی یہ چاہئے کہ آئین پر عمل کرنا ہے۔ حکومت نے سپریم کورٹ کے بارے میں عدالتی اصلاحات کر دی ہیں، دونوں ایوانوں سے بل منظور ہو کے صدر مملکت کے پاس بھی جا چکا ہے مگر تحریک انصاف اسے ماننے کو تیار نہیں اور اسے آئین کے متصادم قرار دے رہی ہے۔ ان عدالتی اصلاحات کو نظریہء ضرورت کی دین قرار دیا جا رہا ہے جس کا مقصد اعلیٰ عدلیہ کو دبا میں لا کر اس کے اختیارات میں کمی کرنا ہے۔

جو جاگے ہیں خواب میں

ملٹیپل اداروں کے بے نتیجہ ٹوئٹی ڈوئٹی سے بور ہو کر طبیعت کچھ دن سرکاری تحکموں کی ایک نئی رینکنگ مرتب کرنے پہ مائل رہی۔ اس بنا پر کہ کونسے رفاقتی یا صوبائی ڈپارٹمنٹ نے عوامی انٹرٹینمنٹ کا کتنا سامان فراہم کیا۔ مسلح افواج، اعلیٰ عدلیہ، سیاسی جماعتیں، ذرائع ابلاغ اور یونیورسٹیاں۔ ان میں سے کسی کو بھی شارٹ لسٹ کیا جا سکتا ہے، پھر بھی میرا بس چلے تو پہلا انعام پنجاب پولیس کو دوں جسے ایک ہی وقت میں چھپنے اور پاں پکڑنے کی مہارت یکساں طور پر سکھا دی جاتی ہے۔ کہتے ہیں کہ متحدہ ہندوستان کے کسی بھی شورش زدہ صوبے میں ہنگامی طور پر قانون نافذ کرنے کے لیے لاہور سے اسی محکمے کی نفری طلب کی جاتی تھی۔ اب وطن عزیز اس کام کے لیے صرف پولیس کا محتاج نہیں بلکہ بیک وقت بہتھیں اور پیریں پڑنے کی تکنیک اپنانے میں سبھی شعبے خود کفیل ہوتے جا رہے ہیں۔ انٹرٹینمنٹ فراہم کرنے میں روایتی طور پر دوسرا نمبر ہمارا ملٹری اکانمس ڈپارٹمنٹ کا تھا جس نے پاکستان بنتے ہی پیری مریدی، ہومیو پیتھک ڈاکٹری اور شعر و ادب سے وابستہ رنگا رنگ کردار متعارف کرائے۔ صرف شاعری ہی کو لیں تو کون ہے جو عبدالحمید عدم کو نہ جانتا ہو، عہد حاضر میں ایک بڑا نام محمد اظہار الحق کا ہے، اگر علاقائی حدود کو پنڈی اسلام آباد تک رہنے دوں تو شاہد نصیر، جمیل ملک، ظفر اقبال بتنین، آل نبی تابش اور جلیل قریشی سب کے سب ملٹری اکانمس ہی سے وابستہ رہے، اسی محکمے کے ایک چپ چپیتے شاعر منذر حبیب بھی تھے جن کے بعض اشعار تو ہماری اجتماعی زندگی کے حسب حال ہیں:

تیرگی نظر فزوں، روشنی خیال کم
منزل شب کے رہرو، کچھ تو کہو کہاں ہیں ہم

آنکھ کا نور چھین لو، ہاتھ کرو قلم قلم

دیکھیں گے پھول میں شرر، ڈھالیں گے سنگ سے صنم

اس کالم کا موضوع ملٹری اکانمس ڈپارٹمنٹ کی شعری خدمات نہیں جو الگ ریسرچ کا موضوع ہونا چاہیے۔ یہ پہلو البتہ دلچسپ ہے کہ انسانی لاشعور مادی زندگی کی ہزار بستیوں اٹھاتے اٹھاتے نہ جانے کس پراسرار عمل کے تحت دنیا کے خلاف اپنے انتقامی جذبے کو تخلیقی توانائی میں ڈھال لیتا ہے۔ درویش صفت نذیر حبیب، جنہیں دفتر کے ساتھیوں سے کبھی صوفی نذیر اور کبھی چاچا نذیر کا خطاب ملا، آنکھ کا نور چھیننے اور ہاتھ قلم کرنے والوں کو ایک چیلنج دیتے رہے، یہی کہ اے دنیا دارو، اہل دل سے ہر نرمی تحتی زری برت لینے پر بھی تم انہیں پھول میں شرر دیکھنے اور سنگ سے صنم ڈھالتے رہنے سے باز نہ رکھ سکو گے۔ یہ ایک فطری فنکار کی ضد تھی جو اپنے ریزہ ریزہ وجود کو جوڑنے کا خواب لفظوں، موسیقی کے سروں اور ہر مجوزہ تصویر کے رنگوں میں دیکھتا رہا۔

پہلی بار یہ بات طالب علمی کے دنوں میں چھوٹے عہدے پر فائز ایک بڑے آدمی نے بھانجی تھی۔ واہ کینٹ میں ایک پوری نسل کے اعزازی استاد اکمل ارتقائی کی زبان سے فن اور فنکار کے درمیان اندرونی تضاد کا یہ رشتہ آسانی سے سمجھ میں نہ آ سکا پر جب آگیا تو دل و دماغ پر اپنے آپ سوال و جواب کے نئے در دریچے وا ہونے لگے، خود کو زیادہ دلکش بنانے کی خواہش کہیں اپنی بدصورتی کے گہرے احساس کا نتیجہ تو نہیں ہوتی؟ کیا ہمہ وقت انکساری غرور ہی کا دوسرا پہلو تو نہیں؟ انسانوں کے خواب کس حد تک حقیقت کے ترجمان ہوتے ہیں اور کب نا آسودہ خواہشات کی غیر شعوری تعبیر؟ نیکسلا اور راولپنڈی کے درمیان جنرل نکلسن کے یادگاری مینار کے بالمقابل مرگلہ کی پہاڑی پہ بار بار چڑھنے کا میرا خواب سنتے ہی اکمل ارتقائی نے نفسیات داں سگمنڈ فرائیڈ کی انٹرپریٹیشن آف ڈریمز پڑھنے کا حکم دے دیا تھا۔ یہ کتاب ان جنتریوں کے خواب ناموں جیسا پاپولر لٹریچر تو نہیں جس کے مقبول کوائف ہمارے زمانے کے نظیر اکبر آبادی پروفیسر انور مسعود کی پرانی نظم جہلم داپل میں درج ہیں۔ مراد ہیں دیس کے نامی گرامی پہلوانوں کی تصویریں، رمضان شریف میں افطار و سحر کے اوقات اور بڑے بڑے ملکوں کا احوال۔ اس کے علاوہ پندرہ بیماریاں دے نسخے دی نال نیں۔ سگمنڈ فرائیڈ کے بتائے ہوئے نسخے ذرا ہٹ کر نوعیت کے تھے۔ پہلے تو فرائیڈ نے ایگو، سپر ایگو اور اڈ کے چکر میں ڈالا اور یہ اشارہ دیا کہ انسان اصل میں وہ کچھ ہوتا ہے جو وہ نہیں ہوتا۔ استاد اکمل نے ٹھیک ہی کہا تھا کہ مرگلہ کی چوٹی سر کرنے کا تمہارا خواب عمودی چڑھائی چڑھنے کی خیالی کوشش ہی تو ہے، مگر جب بلندی کی خواہش پر دوری وطن کی محرومی غالب آ گئی تو وطن واپسی اختیار کرنے سے پہلے اسلام آباد کو ان الفاظ میں یاد کرنا پڑا:

دامن کوہ میں خوابیدہ مکانوں کے نواح
اب بھی چاہت کی ہری شاخ میں کھلتے ہوں گے
شام در شام دمکتے ہوئے چہروں کے نجوم
دھوپ کی فصل میں دکھ سکھ کے جزیروں سے ورا
چھپ کے بچھڑے ہوئے ساتھی کہیں ملتے ہوں گے
شہر میں رنگ کی بارش کبھی ہوتی ہوگی
روح پر ابر کے چھینٹے کہیں پڑتے ہوں

یوں اتنا پتا چل گیا کہ خواب دیکھنے کے لئے مستند شاعر، مصور یا گلوکار ہی ہونے کی شرط نہیں، پھر یہ بھی لازمی نہیں کہ ہر خواب فرائیڈ کے بتائے ہوئے فارمولے کے عین مطابق ہو۔ چار سال کی عمر میں کھلی چھت پر سونے کا ایک نیم مانوس منظر ذہن میں زندہ ہے جس میں آج بھی ملٹری اکانٹس کے شاعروں کی بجائے منیر نیازی، میراجی اور زاہد ڈار کی نظموں کے آسیب جاگنے لگتے ہیں، چاندنی رات، محلہ ٹبہ سیداں کے برگد کی چوباروں کو چھوتی ہوئی شاخیں اور ہماری تنہا، اداس ممّی۔ ممّی پر چیل سے بڑا اور بیبت ناک پرندہ پر پھیلائے آہنگی سے آ بیٹھتا۔ میں لیٹے لیٹے ایک ٹکٹکی اٹھا کر اسے نشانہ بنانے کی کوشش کرتا، پھر پرندہ اڑ جاتا اور چاندنی رات، ممّی اور برگد کی شاخیں ایک زلزلہ نما جھٹکا کھا کر یکدم جگہ پہ آ جاتیں۔

قوم کی یہ تقسیم کہاں تک، اللہ کیلئے یہیں رک جائیں!

ارادہ تو مفت آٹے کی تقسیم اور وزیراعظم محمد شہباز شریف کی ہدایت کے حوالے سے لکھنے کا ہے، لیکن آج ہی ملک کی اعلیٰ ترین عدلیہ کے حوالے سے جو خبریں نشر ہوئی ہیں، ان کی وجہ سے اس مسئلہ کو بھی نظر انداز کرنا مشکل ہو گیا ہے کہ اس سب کے اثرات براہ راست ملکی امور پر اثر انداز ہو رہے ہیں۔ عدلیہ کے بارے میں بولنا یا لکھنا محتاط ترین رویے کا تقاضا کرتا ہے کہ تو بہن عدالت کے عوامل کو بھی نظر انداز نہیں کیا جا سکتا، لیکن آج جو صورت حال سامنے آئی یہ خود عدلیہ کی طرف سے بات

چودھری خادم حسین

کرنے کا تقاضا کرتی ہے کہ نظریہ ضرورت کے فیصلے سے بھٹو کی پھانسی سے آج تک عدلیہ کے اپنے اختلاف اس طرح سامنے نہیں آئے جیسے اب آ رہے ہیں اور یہ بہت ہی کرب آمیز ہے کہ جس عدلیہ پر بعض امور میں اعتراض یا اختلاف کے باوجود بھروسہ اور یقین ہے وہی عدلیہ اب واضح طور پر اختلاف کا اظہار کر رہی ہے، اس سلسلے میں ملک کے بڑے بڑے ماہرین آئین و قانون کو اب کھل کر بات کرنا چاہیے کہ قوم کو دکھوں کے دور میں مزید پریشان نہ کیا جائے کہ عدلیہ میں اختلاف تو آج اس وقت بھی نظر آ گیا جب صوبائی انتخابات کے حوالے سے مسئلہ کی سماعت کے لئے چار رکنی بنچ کا حکم جاری کر دیا گیا۔ مسٹر جسٹس مندوخیل نے اعتراض کیا کہ ان سے دریافت کئے بغیر بنچ کی تشکیل کا فیصلہ کر لیا گیا، پانچ رکنی بنچ مسٹر جسٹس امین الدین کے بنچ سے علیحدہ ہونے کے بعد ٹوٹ گیا تھا۔ اور چار رکنی بنچ سے سماعت شروع کرا دی گئی اس پر مسٹر جسٹس مندوخیل نے اعتراض کر دیا تو یہ سر رکنی رہ گئی ہے۔

میں نے واقعاتی بات کی احتیاط کی وجہ سے یہ لکھا، تاہم دکھ سے تو نجات نہیں ملی کہ یہ ہو کیا رہا ہے۔ میں عرصہ سے عرض کر رہا ہوں کہ موجودہ سیاسی عمل کی وجہ سے قوم میں شعور کی بجائے گہری تقسیم ہو چکی ہے جو ہر شعبہ زندگی میں نظر آ رہی ہے۔ یہ ملک کے لئے کسی بہتر مستقبل کی نشانی نہیں۔ یہ تقسیم کب سے اور کس کی وجہ سے شروع ہوئی اس پر میں بات کرنے سے گریز کرتا ہوں کہ یہ سب روز روشن کی طرح واضح ہے۔ میرے نزدیک کوئی ابہام نہیں، قوم غور کرے۔

اس حوالے سے بات مکمل کرنے سے قبل عرض کرتا ہوں کہ فاضل عدالت عظمیٰ خصوصاً محترم فاضل چیف جسٹس جو خود اعلیٰ ترین علم کے حامل ہیں، پر یوی کونسل کے وہ فیصلے پھر سے پڑھ لیں جو فاضل جج حضرات کے کنڈکٹ کے حوالے سے دیئے گئے، ان کی جلد تلاش اور فاضل وکلا کی توجہ کے لئے یہ بتا سکتا ہوں کہ محترم ڈاکٹر خالد رانجھا سے رجوع کر لیا جائے تو وہ فوری طور پر ان ریفرنسوں کی نشاندہی کر سکتے ہیں۔ میری درخواست ہے کہ اس تقسیم کو یہیں روک لیا جائے۔ فاضل چیف جسٹس اپنے ہاں کو ان آرڈر کریں کہ قوم کے لئے آخری فورم سپریم کورٹ ہے۔

ابتدا میں، میں نے آٹے کی تقسیم کے حوالے سے عرض کرنے کے ارادے کا اظہار کیا تو گزارش ہے اگرچہ پلوں کے نیچے بہت سا پانی بہہ چکا اور صرف پنجاب میں ایک کروڑ تھیلے تقسیم کر دیئے جانے کی اطلاع ہے۔ اس کے باوجود یہ ذکر بے معنی نہ ہوگا۔ میرے کالم نگار دوستوں اور سیاسی ارباب نے مشترکہ طور پر حکومت کے اس عمل پر بھرپور تنقید کی اور ہر ایک نے تقسیم کے طریق کار اور عوامی ہجوم کی بات کی۔ میرے ان دوستوں نے یہ سب غصے میں لکھ تو دیا اور یہ تحریریں درست اور پسند بھی کی گئیں، بعض دوستوں نے تجاویز بھی دیں اور قابل عمل حل بھی دیا، لیکن اس سب کے ہونے کی حقیقی وجوہ کی طرف توجہ نہ دی۔ دیکھنا یہ ہوگا کہ مفت آٹا حاصل کرنے کے لئے پوری قوم کے نکلنے کا تاثر کیوں ہوا؟ اتنا ہجوم کیوں ہو گیا؟ کیا یہ واضح دلیل نہیں کہ بھوک نے قوم سے ہر قسم کا نظم و نسق بھی چھین لیا ہے، ایک تو یہ ہجوم کسی نظم کا پابند نہ تھا اور دوسرے یہاں بھی کمزور اور طاقتور کا معاملہ ہے کہ جو مضبوط صحت کے حامل ہیں وہ ایک کی بجائے دو دو تھیلے لے گئے، اس کے علاوہ منتظم حضرات کی بدنیتی بھی سامنے آ گئی خورد برد بھی ہوا اس لئے ضرورت ہے کہ مجموعی رویے اور انداز فکر کو دیکھا جائے کہ بھوک کی حد کہاں تک ہے اور یہ بھوک کیا رخ اختیار کرنے لگی، اگر کوئی حقیقی رہبر مل گیا تو یہی لوگ انقلاب کے سپاہی ہوں گے۔

زیادہ فلسفہ بگھارنے سے گریز کرتے ہوئے اپنے وزیراعظم محمد شہباز شریف کے انداز فکر کی مثال دیتا ہوں۔ میرے ایک دوست نے دو روپے روٹی والی سکیم کا منفی انداز میں ذکر کیا، میرے تجربے کے مطابق یہ بھی اچھی تجویز تھی لیکن نظم و ضبط کے فقدان اور بددیانتی کی وجہ سے چل نہ پائی جہاں تک میاں صاحب کا تعلق ہے تو وہ جب ارادہ کر لیں تو اس پر قائم رہتے ہیں، اس لئے بس سرگودھا ختم کریں۔ زیادہ فلسفہ بگھارنے سے گریز کرتے ہوئے اپنے وزیراعظم محمد شہباز شریف کے انداز فکر کی مثال دیتا ہوں۔ میرے ایک دوست نے دو روپے روٹی والی سکیم کا منفی انداز میں ذکر کیا، میرے تجربے کے مطابق یہ بھی اچھی تجویز تھی لیکن نظم و ضبط کے فقدان اور بددیانتی کی وجہ سے چل نہ پائی جہاں تک میاں صاحب کا تعلق ہے تو وہ جب ارادہ کر لیں تو پھر پیچھے نہیں ہٹتے۔ میں شاہد ہوں کہ اس سکیم کے دوران میاں محمد شہباز شریف کے ساتھ لاہور سے سرگودھا تک کے سفر کا اعزاز ملا۔ تب وہ وزیراعلیٰ تھے کہ مفت آٹا حاصل کرنے کے لئے پوری قوم کے نکلنے کا تاثر کیوں ہوا؟ اتنا ہجوم کیوں ہو گیا؟ کیا یہ واضح دلیل نہیں کہ بھوک نے قوم سے ہر قسم کا نظم و نسق بھی چھین لیا ہے، ایک تو یہ ہجوم کسی نظم کا پابند نہ تھا اور دوسرے یہاں بھی کمزور اور طاقتور کا معاملہ ہے کہ جو مضبوط صحت کے حامل ہیں وہ ایک کی بجائے دو دو تھیلے لے گئے، اس کے علاوہ منتظم حضرات کی بدنیتی بھی سامنے آ گئی خورد برد بھی ہوا اس لئے ضرورت ہے کہ مجموعی رویے اور انداز فکر کو دیکھا جائے کہ بھوک کی حد کہاں تک ہے اور یہ بھوک کیا رخ اختیار کرنے لگی، اگر کوئی حقیقی رہبر مل گیا تو یہی لوگ انقلاب کے سپاہی ہوں گے۔

زیادہ فلسفہ بگھارنے سے گریز کرتے ہوئے اپنے وزیراعظم محمد شہباز شریف کے انداز فکر کی مثال دیتا ہوں۔ میرے ایک دوست نے دو روپے روٹی والی سکیم کا منفی انداز میں ذکر کیا، میرے تجربے کے مطابق یہ بھی اچھی تجویز تھی لیکن نظم و ضبط کے فقدان اور بددیانتی کی وجہ سے چل نہ پائی جہاں تک میاں صاحب کا تعلق ہے تو وہ جب ارادہ کر لیں تو اس پر قائم رہتے ہیں، ان کے اس رویے کے مطابق ضروری ہے کہ ابتدا میں ان کے ساتھ تبادلہ خیال کیا جائے اور تجاویز دی جائیں ایسا نہیں کہ اسی وقت تعریف کے ڈونگرے برسانا شروع کر دیں، شہباز صاحب اس وقت سننے اور بحث بھی کرا لیتے ہیں لیکن فیصلہ ہو جانے کے بعد مضبوطی سے اس پر قائم رہتے ہیں، اس لئے بس سرگودھا ختم کریں۔ زیادہ فلسفہ بگھارنے سے گریز کرتے ہوئے اپنے وزیراعظم محمد شہباز شریف کے انداز فکر کی مثال دیتا ہوں۔ میرے ایک دوست نے دو روپے روٹی والی سکیم کا منفی انداز میں ذکر کیا، میرے تجربے کے مطابق یہ بھی اچھی تجویز تھی لیکن نظم و ضبط کے فقدان اور بددیانتی کی وجہ سے چل نہ پائی جہاں تک میاں صاحب کا تعلق ہے تو وہ جب ارادہ کر لیں تو پھر پیچھے نہیں ہٹتے۔ میں شاہد ہوں کہ اس سکیم کے دوران میاں محمد شہباز شریف کے ساتھ لاہور سے سرگودھا تک کے سفر کا اعزاز ملا۔ تب وہ وزیراعلیٰ تھے کہ مفت آٹا حاصل کرنے کے لئے پوری قوم کے نکلنے کا تاثر کیوں ہوا؟ اتنا ہجوم کیوں ہو گیا؟ کیا یہ واضح دلیل نہیں کہ بھوک نے قوم سے ہر قسم کا نظم و نسق بھی چھین لیا ہے، ایک تو یہ ہجوم کسی نظم کا پابند نہ تھا اور دوسرے یہاں بھی کمزور اور طاقتور کا معاملہ ہے کہ جو مضبوط صحت کے حامل ہیں وہ ایک کی بجائے دو دو تھیلے لے گئے، اس کے علاوہ منتظم حضرات کی بدنیتی بھی سامنے آ گئی خورد برد بھی ہوا اس لئے ضرورت ہے کہ مجموعی رویے اور انداز فکر کو دیکھا جائے کہ بھوک کی حد کہاں تک ہے اور یہ بھوک کیا رخ اختیار کرنے لگی، اگر کوئی حقیقی رہبر مل گیا تو یہی لوگ انقلاب کے سپاہی ہوں گے۔

اور میں چپ ہو گیا۔ سو قارئین! یہ ہمارے وزیراعظم کا مزاج ہے کہ وہ ارادہ کر لیں تو اس پر قائم رہتے ہیں، ان کے اس رویے کے مطابق ضروری ہے کہ ابتدا میں ان کے ساتھ تبادلہ خیال کیا جائے اور تجاویز دی جائیں ایسا نہیں کہ اسی وقت تعریف کے ڈونگرے برسانا شروع کر دیں، شہباز صاحب اس وقت سننے اور بحث بھی کرا لیتے ہیں لیکن فیصلہ ہو جانے کے بعد مضبوطی سے اس پر قائم رہتے ہیں، اس لئے بس سرگودھا ختم کریں۔ زیادہ فلسفہ بگھارنے سے گریز کرتے ہوئے اپنے وزیراعظم محمد شہباز شریف کے انداز فکر کی مثال دیتا ہوں۔ میرے ایک دوست نے دو روپے روٹی والی سکیم کا منفی انداز میں ذکر کیا، میرے تجربے کے مطابق یہ بھی اچھی تجویز تھی لیکن نظم و ضبط کے فقدان اور بددیانتی کی وجہ سے چل نہ پائی جہاں تک میاں صاحب کا تعلق ہے تو وہ جب ارادہ کر لیں تو پھر پیچھے نہیں ہٹتے۔ میں شاہد ہوں کہ اس سکیم کے دوران میاں محمد شہباز شریف کے ساتھ لاہور سے سرگودھا تک کے سفر کا اعزاز ملا۔ تب وہ وزیراعلیٰ تھے کہ مفت آٹا حاصل کرنے کے لئے پوری قوم کے نکلنے کا تاثر کیوں ہوا؟ اتنا ہجوم کیوں ہو گیا؟ کیا یہ واضح دلیل نہیں کہ بھوک نے قوم سے ہر قسم کا نظم و نسق بھی چھین لیا ہے، ایک تو یہ ہجوم کسی نظم کا پابند نہ تھا اور دوسرے یہاں بھی کمزور اور طاقتور کا معاملہ ہے کہ جو مضبوط صحت کے حامل ہیں وہ ایک کی بجائے دو دو تھیلے لے گئے، اس کے علاوہ منتظم حضرات کی بدنیتی بھی سامنے آ گئی خورد برد بھی ہوا اس لئے ضرورت ہے کہ مجموعی رویے اور انداز فکر کو دیکھا جائے کہ بھوک کی حد کہاں تک ہے اور یہ بھوک کیا رخ اختیار کرنے لگی، اگر کوئی حقیقی رہبر مل گیا تو یہی لوگ انقلاب کے سپاہی ہوں گے۔

زیادہ فلسفہ بگھارنے سے گریز کرتے ہوئے اپنے وزیراعظم محمد شہباز شریف کے انداز فکر کی مثال دیتا ہوں۔ میرے ایک دوست نے دو روپے روٹی والی سکیم کا منفی انداز میں ذکر کیا، میرے تجربے کے مطابق یہ بھی اچھی تجویز تھی لیکن نظم و ضبط کے فقدان اور بددیانتی کی وجہ سے چل نہ پائی جہاں تک میاں صاحب کا تعلق ہے تو وہ جب ارادہ کر لیں تو پھر پیچھے نہیں ہٹتے۔ میں شاہد ہوں کہ اس سکیم کے دوران میاں محمد شہباز شریف کے ساتھ لاہور سے سرگودھا تک کے سفر کا اعزاز ملا۔ تب وہ وزیراعلیٰ تھے کہ مفت آٹا حاصل کرنے کے لئے پوری قوم کے نکلنے کا تاثر کیوں ہوا؟ اتنا ہجوم کیوں ہو گیا؟ کیا یہ واضح دلیل نہیں کہ بھوک نے قوم سے ہر قسم کا نظم و نسق بھی چھین لیا ہے، ایک تو یہ ہجوم کسی نظم کا پابند نہ تھا اور دوسرے یہاں بھی کمزور اور طاقتور کا معاملہ ہے کہ جو مضبوط صحت کے حامل ہیں وہ ایک کی بجائے دو دو تھیلے لے گئے، اس کے علاوہ منتظم حضرات کی بدنیتی بھی سامنے آ گئی خورد برد بھی ہوا اس لئے ضرورت ہے کہ مجموعی رویے اور انداز فکر کو دیکھا جائے کہ بھوک کی حد کہاں تک ہے اور یہ بھوک کیا رخ اختیار کرنے لگی، اگر کوئی حقیقی رہبر مل گیا تو یہی لوگ انقلاب کے سپاہی ہوں گے۔

اور میں چپ ہو گیا۔ سو قارئین! یہ ہمارے وزیراعظم کا مزاج ہے کہ وہ ارادہ کر لیں تو اس پر قائم رہتے ہیں، ان کے اس رویے کے مطابق ضروری ہے کہ ابتدا میں ان کے ساتھ تبادلہ خیال کیا جائے اور تجاویز دی جائیں ایسا نہیں کہ اسی وقت تعریف کے ڈونگرے برس

بقیہ 1

سکتا، نام نہاد لارجر بینچ کی تشکیل قانونی تھی نہ وہ آئینی عدالت تھی، 6 رکنی لارجر بینچ کے فیصلے کی کوئی آئینی حیثیت نہیں، جلد بازی میں لارجر بینچ نے ساعت کی اور 8 صفحات کا فیصلہ بھی جاری کیا۔ معمول کے مطابق ساعت ہوتی تو 4 ججز سوچتے کہ ان کے سینئر کیا کر رہے ہیں، کی، آئی ایم ایف سے سٹاف لیول معاہدہ ہونے والا ہے، ایک دوست ملک آئی ایم ایف کو 2 ارب ڈالر کی ادائیگی کی تصدیق کر چکا ہے اور ایک دوست ملک کی جانب سے ایک ارب ڈالر کی تصدیق کا انتظار ہے۔

بقیہ 2

سازی نہ سکھائیں۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر شیری رحمان کا کہنا تھا کہ صدر نے بل نظرثانی کیلئے واپس بھیج کر بتایا کیا کہ وہ صدر نہیں بلکہ پی ٹی آئی کے سیکرٹری جنرل ہیں، صدر عارف علوی نے پارلیمنٹ کے ہر فیصلے کو تحریک انصاف کی نظر سے دیکھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ بل موصول ہونے سے پہلے ہی انٹرویو میں اس پر اپنا موقف دے چکے تھے، صدر عارف علوی اپنی پارٹی پالیسی کی پیروی کر رہے ہیں، صدر کے آئینی عہدے کی نہیں، وہ کہہ رہے کہ یہ بل پارلیمنٹ کے اختیار سے باہر ہے؟ پیپلز پارٹی کی رہنما کا کہنا تھا کہ صدر عارف علوی ساڑھے 3 سال صدر ہاؤس کو آرڈیننس فیکٹری کی طرح چلاتے رہے، وہ پارلیمنٹ کے اختیارات سے کیسے واقف ہو سکتے ہیں۔ واضح رہے کہ صدرِ پاکستان نے سپریم کورٹ (پریکٹس اینڈ پروسیجر (بل 2023 آئین کے آرٹیکل 75 کے تحت نظرثانی کے لئے پارلیمنٹ کو واپس بھجوادیا۔

بقیہ 3

جسٹس عمر عطا بندیال نے جس طرح اپنے متنازعہ فیصلوں سپریم کورٹ جیسے معزز ادارے کو تقسیم کیا ہے اور اس کو ملک کے سپریم ادارے پارلیمنٹ سمجھ کر آئی ہے اور اس کو ملک کے سپریم ادارے پارلیمنٹ سمجھ کر اس کی پوزیشن پر لاکر اس ملک اور ریاست کو جس طرح کنفیوژن میں مبتلا کیا ہے اس کا واحد حل اب ان کا استعفا ہے۔

بقیہ 4

چیف جسٹس نے فل بینچ بنانے کی بات نہ من کر ادارے کے ساتھ کو نقصان پہنچایا ہے مگر سپریم کورٹ کے ججز کے خلاف ریفرنس دائر کرنے سے عدلیہ میں تقسیم پیدا ہو گی۔ انہوں نے کہا ججز کے خلاف ریفرنس مس کنڈکٹ پر دائر ہوتا ہے۔ میں ریفرنس دائر کرنے کے حق میں نہیں۔ نواز شریف نے اپنی رائے کا اظہار کیا ہے۔ میں ان کی رائے کا احترام کرتا ہوں، اگر کوئی گراؤنڈ ہے تو بالکل ریفرنس کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا مجھے نہیں پتہ حکومت کن گراؤنڈ پر سوچ رہی ہے۔ خیال رہے کہ سابق وزیراعظم میاں محمد نواز شریف نے سپریم کورٹ کی جانب سے ایکشن کمیشن کا فیصلہ کالعدم قرار دینے اور 14 مئی کو صوبہ پنجاب میں انتخابات کے اعلان کے فیصلے کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ ان تین ججز کے خلاف سپریم جوڈیشل کونسل میں ریفرنس دائر کیا جانا چاہیے

بقیہ 5

کچلنے اور امن کے ایک نئے دور کا آغاز کرنے میں مدد ملے گی۔ علاوہ ازیں قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس میں آئی ایس آئی اور ڈائریکٹر جنرل ایف سی نادیم انجم کو شاندار خراج تحسین پیش کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف اور قومی سلامتی کمیٹی کے تمام شرکا نے ڈیسک بجا کر آئی ایس آئی اور اس کے سربراہ کو شاندار کارنامے پر ڈیسک بجا کر شاباش دی۔ شرکا نے سراہتے ہوئے کہا کہ انتہائی مطلوب دہشتگرد گلزار امام عرف شمے کو آپریشن میں گرفتار کرنا بڑا کارنامہ اور پروفیشنل ازم کا ثبوت ہے، بلوچ نیشنلسٹ آرمی اور براس فتنے کو لانے کیلئے سازش کی گئی، بابا رحمتے نے کیسے کیسے فیصلے کیے۔

بقیہ 6

جاری کر کے جواب طلب کرلیا۔ کیس کی سماعت جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب نے ساعت کی۔ اس موقع پر درخواست گزار وکیل فیصل فرید چوہدری کے ججز کے خلاف ریفرنس دائر کرنے سے عدلیہ میں تقسیم پیدا ہو گی۔ انہوں نے کہا ججز کے خلاف ریفرنس مس کنڈکٹ پر دائر ہوتا ہے۔ میں ریفرنس دائر کرنے کے حق میں نہیں۔ نواز شریف نے اپنی رائے کا اظہار کیا ہے۔ میں ان کی رائے کا احترام کرتا ہوں، اگر کوئی گراؤنڈ ہے تو بالکل ریفرنس کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا مجھے نہیں پتہ حکومت کن گراؤنڈ پر سوچ رہی ہے۔ خیال رہے کہ سابق وزیراعظم میاں محمد نواز شریف نے سپریم کورٹ کی جانب سے ایکشن کمیشن کا فیصلہ کالعدم قرار دینے اور 14 مئی کو صوبہ پنجاب میں انتخابات کے اعلان کے فیصلے کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ ان تین ججز کے خلاف سپریم جوڈیشل کونسل میں ریفرنس دائر کیا جانا چاہیے

بقیہ 7

گوجر خان کے صدر سعید یزدان خان ایڈووکیٹ نے اپنے مشترکہ بیانیے میں کہا کہ قبلہ اول مسجد اقصیٰ کی بے حرمتی اور مظلوم فلسطینیوں پر اسرائیلی جارحیت کو امت مسلمہ کسی صورت برداشت نہیں کرے گی فلسطینی مسلمانوں پر اسرائیلی مظالم اب حد سے بڑھ گئے ہیں مقبوضہ فلسطین اور مسجد اقصیٰ میں اسرائیل نے ظلم و بربریت کا بازار گرم کر رکھا ہے۔ اسرائیل کے حالیہ نماز کی ادائیگی کرتے ہوئے نمازیوں پر حملہ میں بڑی تعداد میں خواتین بھی زخمی ہوئی ہیں۔ بین الاقوامی طاقتوں اور اقوام متحدہ نے دوہرا معیار اپنا رکھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یوکرین پر روسی حملے کے وقت چیخنے چلانے والوں کو فلسطین میں اسرائیلی ظلم و ستم پر سانپ سونگھ گیا ہے۔ بین الاقوامی طاقتیں اور اقوام متحدہ دوہرا معیار چھوڑ دیں، اقوام متحدہ میں غیر مسلموں کے معاملے جلد حل ہو جاتے ہیں لیکن مسلمانوں کے مسائل پر خاموشی چھا جاتی ہے۔ مسلمانوں کا مزید خون بہانا بند کیا جائے مسلمان حکمرانوں کو حکومت اللہ نے دی ہے لیکن وہ فلسطین کے مسلمانوں کے معاملے پر خاموش ہیں، حکمران جہاد کا راستہ اپنائیں فلسطین کے مسلمانوں کے ساتھ بھرپور کاردار شدید قابل مذمت ہے فلسطین پر اسرائیلی جارحیت ناقابل برداشت ہے۔ مسلمانوں کی نااتفاقی نے کافروں کو شیر بنا دیا ہے، امت مسلمہ کا اتحاد وقت کی اہم ضرورت ہے۔ مسلمان متحد نہ ہوئے تو دشمن طاقتیں ایک ایک کر کے مسلمانوں کا خاتمہ کریں گی پاکستانی قوم فلسطینی بھائیوں کے ساتھ کھڑی ہے فلسطینیوں کو صورت تنہا نہ چھوڑیں گے

بقیہ 8

رجسٹرار عشرت علی کو 3 اپریل کو عہدے سے ہٹا چکی تھی، رجسٹرار نے حکومت کا حکم نہ مانتے ہوئے 4 اپریل کو 6 رکنی بینچ کا روسٹر جاری کیا، رجسٹرار نے 29 مارچ کے فیصلے پر غیر قانونی سرکلر جاری کیا۔ جسٹس فائز عیسیٰ نے کہا کہ غیر قانونی سرکلر کا چیف جسٹس کو بھی خط لکھا لیکن کوئی جواب نہ ملا، سرکلر غیر آئینی ہونے کا ادراک ہونے پر ہی 6 رکنی لارجر بینچ تشکیل دیا گیا۔ تفصیلی نوٹ کے مطابق سپریم کورٹ کے حکم کے خلاف کوئی دوسرا بینچ اپیل نہیں سن سکتا، نام نہاد لارجر بینچ کی تشکیل قانونی تھی نہ وہ آئینی عدالت تھی، 6 رکنی لارجر بینچ کے فیصلے کی کوئی آئینی حیثیت نہیں، جلد بازی میں لارجر بینچ نے ساعت کی اور 8 صفحات کا فیصلہ بھی جاری کیا۔ معمول کے مطابق ساعت ہوتی تو 4 ججز سوچتے کہ ان کے سینئر کیا کر رہے ہیں، عدلیہ کا کام آئین اور قانون کے مطابق فیصلے کرنا ہے، اختیارات سے تجاوز کیا جائے تو ججز کے حلف کی خلاف ورزی ہوگی۔ تفصیلی نوٹ کے مطابق چھ رکنی بینچ غیر آئینی تھا اس لیے 29 مارچ کا فیصلہ کالعدم قرار نہیں دیا جاسکتا، لارجر بینچ کے حکم سے آمرانہ جھلک آتی ہے جو آئین کا متبادل نہیں ہوسکتا، چیف جسٹس کیلئے استعفا کیا گیا لفظ ماسٹر آف روسٹرز آئین میں کہیں نہیں ملتا۔

بقیہ 9

صحت (این آئی ایچ) کی جانب سے جاری اعداد و شمار کے مطابق ملک بھر میں 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کی 3 ہزار 863 ٹیسٹ کیے گئے جن میں سے 53 افراد کے ٹیسٹ مثبت آئے اس طرح مثبت کیسز کی شرح 1.37 فیصد رہی اور اس دوران کورونا وائرس سے ایک مریض جاں بحق ہوا جبکہ 13 کی حالت تشویشناک ہے۔ ملک کے مختلف شہروں میں 24 گھنٹوں کے دوران کئے گئے کورونا ٹیسٹ اور مثبت کیسز کے حوالے سے لاہور میں 595 افراد میں سے 11 افراد کے ٹیسٹ مثبت آئے اور وہاں پر شرح 0.38 فیصد رہی، گوجرانوالہ میں 213 ٹیسٹوں میں سے 2 افراد کے ٹیسٹ مثبت آئے اور وہاں پر شرح 0.94 فیصد رہی جبکہ اسلام آباد میں 453 میں سی 10 افراد کے ٹیسٹ مثبت آئے اور شرح 2.21 فیصد رہی

بقیہ 10

۔ایم ایس سروسز ہسپتال ڈاکٹر مختار احمد نے کہا کہ ابھی مریض کم ہیں اور طبی سہولیات موجود ہیں لیکن مریضوں میں اضافے پر بجٹ کی ضرورت ہوگی۔ تکلہ صحت کی جانب سے وائرس سے متاثرہ افراد کے اعداد و شمار شیئر ہی نہیں کئے جارہے

بقیہ 11

۔ تحت سپریم کورٹ رولز 1980 بنائے گئے جن کی توثیق خود آئین نے کی۔ فورتھ شیڈول کے تحت سپریم کورٹ کو خاص طور پر پارلیمان کے قانون سازی کے اختیار سے خارج کیا گیا، بل بنیادی طور پر پارلیمنٹ کے دائرہ اختیار سے باہر ہے۔ آئین کوئی عام قانون نہیں بلکہ بنیادی اصولوں، اعلیٰ قانون اور دیگر قوانین سے بالاتر قانون کا مجسمہ ہے، آرٹیکل 67 اور 191 تو اعد بنانے میں دونوں کی خود مختاری کو تسلیم کرتے ہیں۔ صدر عارف علوی کا کہنا تھا کہ آرٹیکل 67 اور 191 دونوں اداروں کو اختیار میں مداخلت سے منع کرتے ہیں، آرٹیکل 191 کے تحت آئین اور قانون کے تابع رہتے ہوئے سپریم کورٹ اپنی کارروائی اور طریقہ کار کو ریگولیٹ کرنے کے قواعد بنا سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آرٹیکل 67 اور 191 ایک دوسرے سے ملتے جلتے ہیں، سپریم کورٹ رولز 1980 پر سال 1980ء سے عمل درآمد کیا جارہا ہے، جانچ شدہ قواعد میں چھیڑ چھاڑ عدالت کی اندرونی کارروائی، خود مختاری اور آزادی میں مداخلت کے مترادف ہو سکتی ہے، بل کے ان پہلوؤں پر مناسب غور کرنے کی ضرورت ہے۔ یاد رہے کہ قومی اسمبلی اور سینیٹ میں سپریم کورٹ پریکٹس اینڈ پروسیجر بل 2023 منظور ہو چکا ہے، سپریم کورٹ قواعد و ضوابط بل 2023 کثرت رائے سے مسترد کرلیا گیا، سپریم کورٹ پریکٹس اینڈ پروسیجر بل کی شق وار منظوری دی گئی تھی۔

بقیہ 12

اپنا مرکزی دفتر بنا لیا ہے، عید کے بعد مرکزی دفتر کا افتتاح کروں گا، بائی پاس کی تعمیر پر 250 کروڑ لاگت آئی، بائی پاس کا بننا ضروری تھا، موجودہ حکومت انتہائی مشکل حالات میں ملک کو سنبھال رہی ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ نے مزید کہا کہ نواز شریف دور میں پاکستان ترقی کر رہا تھا، نواز شریف دور میں دہشت گردی، لوڈ شیڈنگ کا بھی خاتمہ کیا گیا، نواز شریف دور میں پاکستان 6 اعشاریہ 2 فیصد پر ترقی کر رہا تھا، اس قتنے کو لانے کیلئے سازش کی گئی، بابا رحمتے نے کیسے کیسے فیصلے کیے۔

بقیہ 13

سابق وزیراعظم نیخلاف اسلام آباد کے تھانہ رمنا میں ایک اور مقدمہ درج کرلیا گیا ہے، مقدمہ مجسٹریٹ کی مدعیت میں درج ہوا۔ ایف آئی آر میں کہا گیا ہے کہ عمران خان نے انڈرویو میں حساس اداروں کے آفیسرز کے متعلق نازیبا الفاظ استعمال کیے، حساس اداروں کے آفیسرز کے نام لیکر بدنام کرنے کی کوشش کی گئی، عمران خان مذموم ارادوں کے مقاصد کیلئے سوشل میڈیا کا بھی سہارا لیتے ہیں۔ ایف آئی آر کے مطابق چیئرمین پی ٹی آئی کا رویہ ملک اور ریاست کی سلامتی کیلئے خطرہ ہے، ملزم نے اپنی تقاریر سے فوج، مختلف گروہوں اور طبقوں میں انتشار پھیلایا۔ یاد رہے کہ اسلام آباد ہائیکورٹ نے عمران خان نیخلاف مقدمات کی تفصیلات فراہمی کے کیس میں ایف آئی اے اور وفاقی پولیس کی حد تک مقدمات کی تفصیلات طلب کر رکھی ہیں۔ اسلام آباد ہائیکورٹ میں عمران خان نیخلاف مقدمات کی تفصیلات فراہمی سے متعلق کیس کی سماعت ہوئی تھی، چیف جسٹس عامر فاروق نے کیس پر سماعت کی۔ پی ٹی آئی کے وکیل فیصل فرید نے وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ کے بیان کی کاپی عدالت میں پیش کی اور کہا کہ صورتحال یہ ہے یہاں ضمانت کرا کے نکلتے ہیں

بقیہ 14

ہم اپنی زندگیوں سے غلطیوں کو نکال باہر کریں۔ اور اپنے ہر عمل کو اتباع رسالت ﷺ میں ڈھال لیں۔ دنیاوی زندگی میں ہم نے جو اعمال دکھاوے کے لیے اختیار کر رکھے ہیں وہ بارگاہ الٰہی میں مقبول نہ ہوں گے۔ کیونکہ وہ نہاں خانہ دل میں موجود سب کچھ جانتا ہے۔ امیر عبدالقدیر اعوان شیخ سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ و سربراہ تنظیم الاخوان پاکستان کا جمعۃ المبارک کے موقع پر خطاب! انہوں نے کہا کہ آج ہم اس حد تک چلے گئے ہیں کہ ہمیں آخرت کی کوئی فکر نہیں ہے جہاں ہمیشہ رہنا ہے۔ اس عارضی دنیا کے لیے ہم حلال و حرام کی تمیز کیے بغیر مال اکٹھا کرنے میں لگے ہیں جسے ہم نے چھوڑ کر جانا ہے۔ اسی دوڑ میں ہم نے حقوق و فرائض کی تمیز ختم کر دی ہے۔ معاشی اور معاشرتی زندگی ایسی ہوگئی ہے کہ جیسے ہم لوگ جنگل میں رہ رہے ہوں اسی وجہ سے ہم سب اس تکلیف سے گزر رہے ہیں یاد رکھیں جس راہ پر ہم چل رہے ہیں اس کا انجام بہت بھیانک ہے۔ ابھی بھی وقت ہے کہ ہم اپنے آپ کو توبہ کی طرف لے آئیں۔ اللہ کریم کو معاف کرنا محبوب ہے اللہ کریم ہمارے گناہ معاف فرمائیں۔ آخر میں انہوں نے ملکی سلامتی اور بقا کی اجتماعی دعا بھی فرمائی۔

بقیہ 15

میں ہونے والے تصادم کی تحقیقات کے لیے بنائی گئی مشترکہ تحقیقاتی ٹیم (جے آئی ٹی) کے سامنے پیش ہونے کی ہدایت کردی۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے جج عبہر گل نے پی ٹی آئی رہنماؤں اسد عمر، یاسمین راشد، زبیر نیازی، حسن نیازی، مسرت چیمہ اور میاں جاوید اسلم اقبال کی جانب سے سرکاری افسران کے ساتھ بدتمیزی اور زمان پارک کے باہر نقصان پہنچانے کے مقدمے میں عبوری ضمانت میں توسیع کی درخواست کی سماعت کی۔

بقیہ 16

معاملہ ہے۔ اسلام آباد میں نیوز کانفرنس کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات کا کہنا تھا کہ جسٹس اطہر من اللہ کا آج آنے والا فیصلہ بڑا اہم ہے، جب عدالتی کارروائی متنازع ہو جائے تو اسے عوام کیسے تسلیم کرے گی، یہ مسترد شدہ پٹیشن تھی اس پر بینچ نہیں بن سکتا تھا۔

بقیہ 17

تحریک استحقاق متعلقہ قائمہ کمیٹی کو بھجوادی، جمعہ کو ایوان بالا کے اجلاس میں انہوں نے اپنی گرفتاری کا معاملہ اٹھایا جس پر چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی نے یہ معاملہ متعلقہ قائمہ کمیٹی کو بھجوادیا۔

بقیہ 18

جناح میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر خالد مسعود گوندل نے اپنے خطاب میں نگران صوبائی وزراء صحت کی آمد پر شکریہ ادا کیا اور صحت کے عالمی دن کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر خالد مسعود گوندل نے نگران صوبائی وزراء صحت ڈاکٹر جاوید اکرم اور ڈاکٹر جمال ناصر کو یادگاری شیلڈز بھی پیش کیں۔ نگران صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر جاوید اکرم نے تقریب کے شرکاء سے اپنے خطاب میں کہا کہ پروفیسر ڈاکٹر خالد مسعود گوندل نے ہمیشہ صحت سے متعلق اہم موضوعات پر سیمینارز کا انعقاد کر کے عوام میں آگاہی پھیلائی ہے۔ 7 اپریل پوری دنیا میں صحت کا عالمی دن منایا جاتا ہے۔ ڈاکٹر جاوید اکرم نے کہا کہ صحت اللہ پاک کی ایک انمول نعمت ہے۔ صحت کی سہولیات کی فراہمی ہر انسان کا بنیادی حق ہے۔ ایک صحت مند انسان ہی صحت مند زندگی گزار سکتا ہے۔ صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر جاوید اکرم نے کہا کہ عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی کے دعوے نہیں حقیقی معنوں میں یقینی بنانا ہوگا۔ پاکستان آبادی کے لحاظ سے اگلے بیس سال بعد دنیا کا تیسرا بڑا ملک ہوگا۔ پاکستان کی عوام کو آبادی کے لحاظ سے صحت کی بہتر سہولیات فراہم کرنی ہوں گی۔ ڈاکٹر جاوید اکرم نے کہا کہ سیلف میڈیکیشن انتہائی خطرناک عمل ہے۔ تحقیق کے مطابق پاکستان کی 29 فیصد آبادی شوگر کی بیماری کا شکار ہے۔ صوبائی وزیر صحت نے کہا کہ عوام کو صحت کی بہتر سہولیات فراہم کرنے کیلئے ہمیں اپنے انفرا سٹرکچر کو بہتر کرنا ہوگا۔ ہمیں صحت مند معاشرہ کی بنیاد رکھنے کیلئے صحت مند لائف سٹائل اپنانا ہوگا۔ اللہ پاک نے رمضان المبارک کا مہینہ ہمیں اپنا لائف سٹائل تبدیل کرنے کیلئے تحفہ دیا ہے۔ ہماری نوجوان نسل میں دل کی بیماریاں، کینسر اور دوسری مہلک بیماریاں بہت جلد جنم لے رہی ہیں۔ ڈاکٹر جاوید اکرم نے کہا کہ حکومت ہر سرکاری میڈیکل یونیورسٹی کے ہر طالب علم کی تعلیم پر ایک کروڑ روپے سے زائد کی رقم خرچ کر رہی ہے۔ بیماریوں سے لڑنے کی بجائے بیماریوں کی روک تھام پر کام کرنا زیادہ اہم ہے۔ صوبائی وزیر صحت نے صحت کے عالمی دن کی مناسبت سے آگاہی سیمینار کے انعقاد پر وائس چانسلر فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر خالد مسعود گوندل کو مبارکباد دی۔ نگران صوبائی وزیر محکمہ پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر ڈاکٹر جمال ناصر نے تقریب کے شرکاء سے اپنے خطاب میں کہا کہ عوام کو صحت کی بہتر سہولیات فراہم کرنا اللہ تعالیٰ کی جانب سے بہت بڑی ذمہ داری ہے۔ ہم کوئی سیاسی لوگ نہیں ہیں اس لئے عوام کو صحت کی بہتر سہولیات فراہم کرنے کیلئے دن رات محنت کررہے ہیں۔ محکمہ پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر عوام کو خطرناک بیماریوں سے بچانے کیلئے تمام تر وسائل بروئے کار لا رہا ہے۔ ڈاکٹر جمال ناصر نے کہا کہ محکمہ صحت میں میرٹ پر بھرتیوں کو یقینی بنانے کیلئے میکنزم بنایا جارہا ہے۔ عام آدمی تک صحت کی بہتر سہولیات کی فراہمی میں صرف ایک انسان کی نیک نیتی ہی کافی ہوتی ہے۔ وائس چانسلر فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر خالد مسعود گوندل نے کہا کہ فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی ہمیشہ میڈیکل فیلڈ میں اپنی گراں قدر خدمات سرانجام دیتی رہے گی۔ وائس چانسلر فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر خالد مسعود گوندل نے صحت کے عالمی دن کی مناسبت سے منعقدہ آگاہی سیمینار میں نگران صوبائی وزراء صحت، تمام فیکلٹی ممبران اور عالمی ادارہ صحت سے آئے مہمانوں کی آمد پر ان کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 19

جسٹس اطہر من اللہ نے لاہور ہائیکورٹ کے فیصلے کا حوالہ دیا ہے، ہمارا بنیادی مسئلہ الیکشن ہیں، جج پانچ ہمارا مسئلہ نہیں۔ ایک دوسرے نوٹ میں فواد چوہدری نے کہا کہ پاکستان پینل کوڈ کے سیکشن 124 اے کو لاہور ہائی کورٹ کی جانب سے غیر آئینی قرار دے دیا گیا ہے، سیکشن غیر آئینی قرار دیے جانے کے اگلے دن اسلام آباد پولیس نے عمران خان کے خلاف اسی دفعہ کے تحت دے چکے ہیں، وزیر خزانہ موسم بہار کانفرنس میں نہ جائیں، ایسا کبھی نہیں ہوا، ورلڈ بینک، آئی ایم ایف کیا یم ڈی نے وزیر خزانہ سے ملنے سے انکار کر دیا ہے۔

بقیہ 20

سانحہ بن کر طلوع ہوا، سیاچن گلیشیئر پر ناردرن لائن انفنٹری بٹالین کی کمانڈ لیفٹیننٹ کرنل تنویر کر رہے تھے جبکہ ان کے ہمراہ میجر ذکاء بھی موجود تھے کہ گیاری سیکٹر میں ناردرن لائٹ انفنٹری کے بٹالین ہیڈ کوارٹر پر برفانی تودا آن گرا، برفانی تودے نے تقریباً ایک کلومیٹر کے علاقے کو متاثر کیا۔ سیاچن کے گیاری سیکٹر میں برفانی تودہ گرنے سے 129 فوجیوں اور 11 شہریوں نے جام شہادت نوش کیا، پاک فوج نے اس تاریخی آپریشن میں عزم و ہمت اور حوصلے کی نئی داستان رقم کی۔ بٹالین ہیڈ کوارٹر گزشتہ 20 سال سے اسی مقام پر موجود تھا، سانحے میں این ایل آئی سکس کا بٹالین کا ہیڈ کوارٹرز مکمل طور پر دب گیا تھا جبکہ وہاں موجود افراد میں سے کسی کو بھی زندہ نہیں نکالا جا سکا تھا۔ اس علاقے میں پیدل پہنچنا بہت مشکل تھا، سخت موسمی حالات نے امدادی سرگرمیوں کو بھی شدید متاثر کیا لیکن پاک فوج کے باہمت جوانوں نے اس آپریشن کو ممکن کر کے دکھایا۔ گیاری سیکٹر پر امدادی سرگرمیاں ڈیڑھ سال تک جاری رہیں جس میں امریکہ، جرمنی سمیت کئی ملکی ماہرین کی ٹیموں نے بھی حصہ لیا، اس سانحے میں 129 آرمی کے افسر اور جوانوں سمیت 140 افراد شہید ہو گئے تھے جن میں سے 114 کا تعلق گلگت بلتستان سے تھا۔ سانحہ گیاری کے بعد ہونے والا تاریخی آپریشن ہمیشہ عزم و ہمت کی شاندار مثال رہے گا۔ واضح رہے کہ بھارت نے 1984ء میں سیاچن پر ناجائز تسلط قائم کرلیا تھا جس کے جواب میں پاکستان کو بھی اپنے فوجی اس علاقے میں تعینات کرنا پڑے۔ پاکستان اور بھارت کے درمیان جاری اس جنگ میں انسانوں کا مقابلہ انسانوں سے کم اور سخت موسم سے زیادہ ہوتا ہے۔

بقیہ 21

ضبط کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے تمام آسسٹنٹ/ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنرز کو اپنے سب ڈویژن میں غیر معیاری پاپڑ، چپس سلائی کی فروخت / ترسیل کے خلاف قانونی کاروائی کے لئے احکامات جاری کئے

بقیہ 22

۔اس حوالے سے اورنگی پائپ کے ڈائریکٹر آصف منظر کا کہنا ہے کہ یہ دلچسپ ٹورنامنٹ 10 دن تک جاری رہے گا۔ جس میں علاقہ کی 12 ٹیموں کے درمیان دلچسپ مقابلے ہوں گے۔ فائنل جیتنے والی ٹیم کو نقد انعام کے علاوہ ٹرافی بھی دی جائے گی۔ ٹورنامنٹ کے میچز علاقے میں قائم گراؤنڈز میں ہورہے ہیں، جہاں اورنگی ٹاؤن کے رہائشی کرکٹرز کو اپنی صلاحیتوں کے جوہر دکھانے کا، اور شائقین کرکٹ کو علاقائی سطح پر اچھے کھیل سے محظوظ ہونے کا بھرپور موقع ملے گا۔

بقیہ 23

راولپنڈی کی قیادت میں میٹنل پریس کلب کے نو منتخب صدر انور رضا اور سیکرٹری راجہ خلیل احمد اور قائد صحافت افضل بٹ کو مبارک دی۔ ابرار احمد خان ڈویژنل صدر اپسما راولپنڈی، عدنان نثار، جنرل سیکرٹری تحصیل راولپنڈی، یوسف شاہد ڈپٹی سیکرٹری جنرل تحصیل راولپنڈی اور ایگزیکٹو ممبر کامران پر مشتمل وفد نے بدھ کو میٹنل پریس کلب کا دورہ کیا اور کلب کی نو منتخب قیادت صدر انور رضا، سیکرٹری راجہ خلیل احمد، سیکرٹری فنانس نیر علی سمیت تمام عہدیداروں کو مبارک باد دی اور پھولوں کا گلدستہ پیش کیا۔ اس موقع پر ملک میں تعلیمی شعبہ کو درپیش مسائل پر تفصیلی بات چیت کی گئی۔ ابرار احمد خان نے کہا کہ ہمیں امید ہے کہ نیشنل پریس کلب تعلیمی بالخصوص نجی شعبہ کے حوالے سے مسائل کو اجاگر کرنے میں اپنا تعمیری کردار ادا کرے گا۔ اس موقع پر اپسما اور میٹنل پریس کلب کے درمیان صحافیوں کے بچوں کو راولپنڈی کے سکولوں میں رعایت دینے کے حوالے سے ایم او یو پر دستخط کرنے پر اتفاق رائے کیا گیا جس کیلئے جلد ایک تقریب منعقد کر کے باضابطہ طور پر ایم او یو پر دستخط کئے جائیں گے۔

بقیہ 24

آراستہ کرنے کے لیے الخدمت سے تعاون کریں۔ الخدمت ان میں سے نمایاں کامیابی حاصل کرنے والے بچوں کو مری الخدمت کالج اسلام آباد میں اعلیٰ تعلیم کیلئے مکمل اسکالرشپ مہیا کرے گی۔ معاشرے میں موجود والد کے سائے سے محروم لاکھوں بچوں کی تعلیم و تربیت کر کے ذمہ دار شہری بنایا جاسکتا ہے۔ پورے پاکستان میں بیس ہزار سے زائد یتیم بچے الخدمت کی زیر کفالت ہیں۔ کسی بھی یتیم کے سر پر دست شفقت رکھنا اور اسکی سرپرستی کرنا شفاعت رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور جنت کے حصول کا ذریعہ بن سکتا ہے۔ ۔ان خیالات کا اظہار الخدمت فاؤنڈیشن سندھ کے نائب صدر محمد یونس نے جماعت اسلامی کے فلاحی ادارے الخدمت فاؤنڈیشن کے تحت عالمی یوم یتامیٰ ورلڈ آرفن ڈے کے موقع پر ضلعی ہیڈ کوارٹر کے مقامی ہال میں الخدمت فاؤنڈیشن کے زیر کفالت 171 بچوں اور انکی باہمت ماؤں کے اعزاز میں منعقدہ افطار ڈنر کی پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب سے ڈپٹی سیکریٹری جماعت اسلامی محمد اکرم شیخ، ضلعی صدر الخدمت فاؤنڈیشن محمد نادر خان نے بھی خطاب کیا۔ تقریب میں تاجر راہنما حاجی فقیر محمد میمن ،ایوان صحافت کے سرپرست محمد ہاشم شر، امیر جماعت اسلامی محمد رفیق چوھان، صدر پبلک ایڈمنسٹی حاجی نور الٰہی مغل، معروف صحافی فلک شیر۔ سابق یوسی ناظم ڈاکٹر حسین شیخ سمیت معززین اور الخدمت کے رضاکاروں نے شرکت کی۔

بقیہ 25

چاہتے ہیں، کس جج نے کہا ہے کہ 90 دن میں انتخابات ضروری نہیں؟ حکومت ججز میں تقسیم پیدا کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ پی ٹی آئی کا جسٹس اطہر من اللہ سے احترام کا رشتہ ہے کسی جج پر انگلی اٹھانے کا سوچ بھی نہیں سکتے، فیصلوں سے اختلاف ہوتا ہے، احترام پر سمجھوتا نہیں ہو سکتا، سپریم کورٹ کا فیصلہ انصاف پر مشتمل ہے۔ پی ٹی آئی رہنما کا کہنا تھا کہ پاکستان کی بنیاد 2 چیزوں پر ہے پاکستان کی حاکمیت اعلیٰ اللہ رب العزت کی ہے اللہ تعالیٰ کے بعد اختیار منتخب نمائندوں کا ہے اور پاکستان کے مسائل کا حل صرف انتخابات ہیں۔ فواد چوہدری نے کہا کہ کل قومی سلامتی کمیٹی کا اعلامیہ آیا ہے کہا گیا الیکشن نہیں کرا سکتے، دہشت گردوں کے رحم و کرم پر ہیں، انٹی طاقت کے پاس الیکشن کیلئے 21 ارب روپے نہیں، کل دنیا کو آپ کیا جواب دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ کیا پاکستان میں انتخابات دہشت گردوں کی مرضی سے ہوں گے؟ دنیا کو بتائیں گے کہ الیکشن کیلئے 10 ملین ڈالر بھی نہیں، پنجاب میں پراپرٹی ڈیلرو زیر بن گئے ہیں یہ چھوٹے لوگ بڑی کرسیوں پر بیٹھ گئے ہیں۔ پی ٹی آئی رہنما کا مزید کہنا تھا کہ پیپلز پارٹی بیعد لیہ مخالف مہم کا حصہ نہ بنتی کا فیصلہ کیا ہے ان کا فیصلہ خوش آئند ہے، 12 سال آپ نے سردھڑ کی بازی لگائی، عمران خان نااہل نہ ہو سکے اور بالآخر پاکستان کو انتخابات کی طرف جانا ہے۔ سابق وزیر اور رہنما تحریک انصاف حماد اظہر نے کہا کہ پی ڈی ایم کی حکومت کو تقریباً ایک سال مکمل ہو چکا ہے، دیکھتے ہیں ایک سال میں معیشت پر کیا گل کھلایا ہے؟ ہمارے دور میں مہنگائی کی شرح 34 فیصد تھی، عمران خان کے دور میں گروتھ ریٹ 6 فیصد تھا آج پاکستان کا گروتھ ریٹ منفی 0.04 فیصد ہے پاکستان کو تاریخی معاشی بدحالی کا سامنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آٹے کی لائنز میں لگ کر 20 افراد جانیں دے چکے ہیں، وزیر خزانہ موسم بہار کانفرنس میں نہ جائیں، ایسا کبھی نہیں ہوا، ورلڈ بینک، آئی ایم ایف کیا یم ڈی نے وزیر خزانہ سے ملنے سے انکار کر دیا ہے۔

بقیہ 26

کو فروغ دینے کے لئے اٹھائے گئے اقدامات، ملکی و بین الاقوامی سطح پر منعقد کیے گئے صنعتی نمائشوں، مختلف ممالک میں تعینات ٹریڈ آفیسرز کی کارکردگی اور تعیناتی سے متعلق دیگر امور کا تفصیل سے جائزہ لیا گیا۔ سینیٹر رخسانہ بنگش نے کہا کہ ادارے کی جانب سے ورکنگ پیپرز آج صبح فراہم کیے گئے ہیں بغیر سٹڈی کے کس طرح سوال و جواب کر سکتے ہیں۔ قائمہ کمیٹی کو قانون کے مطابق وقت پ

انتخابات کی تاریخ صرف الیکشن کمیشن دے سکے گا، حکومت نے قانون سازی کی ٹھان لی

سیکشن 57 میں ترمیم کے بعد انتخابات کیلئے پولنگ ڈے تجویز کا اختیار الیکشن کمیشن کے پاس چلا جائے گا

وزارت خزانہ نے 10 ارب روپے جاری کیے۔ الیکشن کمیشن کو پنجاب اور خیبر پختونخوا میں انتخابات کے لیے 21 ارب روپے درکار ہیں

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) انتخابات کی تاریخ صرف الیکشن کمیشن دے سکے گا، حکومت نے قانون سازی کی ٹھان لی۔ میڈیا رپورٹس میں ذرائع کے حوالے سے بتایا گیا ہے کہ الیکشن ایکٹ 2017 میں مزید ترمیم کا فیصلہ کرلیا گیا، الیکشن ایکٹ کے سیکشن 57 اور 58 میں ترامیم پر کام شروع ہوگیا ہے۔ سیکشن 58 کے تحت انتخابی شیڈول کے اجرا کا اختیار الیکشن کمیشن کے پاس ہے، سیکشن 57 میں ترمیم کے بعد انتخابات کیلئے پولنگ ڈے تجویز کا اختیار بھی الیکشن کمیشن کا ہو گا۔ ذرائع کے مطابق سیکشن 57 میں صدر مملکت کے پولنگ ڈے سے متعلق اختیارات میں ترمیم کی تجویز بھی زیر غور ہے، الیکشن ایکٹ میں ترمیم سے متعلق مسودہ منگل کو پارلیمانی امور کے حوالے کیے جانے کا امکان ہے۔ دوسری جانب الیکشن کمیشن کو پنجاب اسمبلی کے انتخابات کے لیے وزارت (بقیہ نمبر 58)

لاہور: ایک لاڈلے کی ہر قسم کی ضروریات پوری کی جارہی ہیں: جاوید لطیف

صدر مملکت نے سپریم کورٹ بل نظر ثانی کیلئے پارلیمنٹ کو واپس بھجوا دیا

آرٹیکل 191 سپریم کورٹ کو عدالتی کارروائی اور طریقہ کار ریگولیٹ کرنے کیلئے قوانین بنانے کا اختیار دیتا ہے، عارف علوی

بادی النظر میں یہ بل پارلیمنٹ کے اختیار سے باہر ہے، بل قانونی طور پر مصنوعی، ناکامی ہونے پر عدالت میں چیلنج کیا جاسکتا ہے

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) صدر مملکت نے سپریم کورٹ بل نظر ثانی کیلئے پارلیمنٹ کو واپس بھجوا دیا۔ تفصیلات کے مطابق صدر عارف علوی نے عدالتی اصلاحات بل 2023 آئین کے آرٹیکل 75 کے تحت نظر ثانی کیلئے پارلیمنٹ کو واپس بھجوایا دیا ہے، صدر مملکت نے کہا ہے کہ بادی النظر میں یہ بل پارلیمنٹ کے اختیار سے باہر ہے، بل قانونی طور پر مصنوعی، ناکامی ہونے پر عدالت میں چیلنج کیا جاسکتا ہے۔ بل درستگی سے متعلق جانچ پڑتال کیلئے دوبارہ غور کرنے کیلئے واپس کرنا مناسب ہے، آئین سپریم کورٹ کو اپیلی ایڈوائزری، ریویو اور ابتدائی اختیار سماعت سے نوازتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آرٹیکل 191 سپریم کورٹ کو عدالتی کارروائی اور طریقہ کار ریگولیٹ کرنے کیلئے قوانین بنانے کا اختیار دیتا ہے، آئین کی ان دفعات کے (بقیہ نمبر 11)



لاہور: پاکستان ریلویز کا مئی سے شالیمار ایکسپریس بحال کرنے کا فیصلہ

کراچی: کراچی کی فلور ملوں پر نجی گندم کی خریداری پر غیر اعلانیہ پابندی عائد

سستا پٹرول سکیم، مفتاح اسماعیل نے حکومت کی غلطی کی نشاندہی کردی

حکومت نے پٹرول پر سبسڈی دینے سے متعلق جلد بازی کا مظاہرہ کیا

پٹرول پر سبسڈی آئی ایم ایف کی منظوری کے بغیر نہیں ہوگی۔ سابق وزیر خزانہ کی گفتگو

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) سابق وزیر خزانہ مفتاح اسماعیل کا کہنا ہے کہ حکومت نے پٹرول پر سبسڈی دینے سے متعلق جلد بازی کا مظاہرہ کیا تھا۔ انہوں نے نجی ٹی وی چینل سے گفتگو کرتے ہوئے موجودہ حکومت کو مشورہ دیا کہ انتخابات سے متعلق سپریم کورٹ کا فیصلہ آگیا ہے تو اب حکومت کو اس پر عمل کرنا چاہیے۔ فل کورٹ بنتا تو میرا خیال ہے کوئی جج نوے دن کی حد سے باہر نہیں جاتا۔ سیاسی رہنماؤں کو تماشہ بند کرکے اب آپس میں بیٹھنا چاہیے۔ سابق وزیر خزانہ نے مزید کہا کہ آئی ایم ایف کو ہم پر (بقیہ نمبر 32)

سعودیہ نے مہمند ڈیم کیلیے 70 ارب روپے قرض فراہم کردیا

مہمند ڈیم منصوبہ 800 میگاواٹ بجلی پیدا کرے گا، زراعت کو فروغ ملے گا

اس فنڈ سے پاکستان کی توانائی کی حفاظت کو بڑا فروغ ملا ہے، قتصادی امور ڈویژن

اسلام آباد (نامہ نگار) سعودی فنڈ فار ڈیولپمنٹ نے مہمند ڈیم پراجیکٹ کے لیے پاکستان کو 24 کروڑ ڈالر (69 ارب 8 کروڑ 94 لاکھ روپے) کا قرض دے دیا۔ اقتصادی امور ڈویژن نے اس حوالے سے بتایا ہے کہ مہمند ملٹی پرپز ڈیم پراجیکٹ کے لیے سعودی فنڈ برائے ترقی سے 240 ملین ڈالر کے قرض سے پاکستان کی توانائی کی منتقلی کی حمایت کی جائے گی جب کہ دونوں کے درمیان شراکت داری مضبوط ہوگی۔ اقتصادی امور ڈویژن نے کہا ہے کہ اس فنڈ سے پاکستان کی توانائی کی حفاظت (بقیہ نمبر 31)

وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے امریکا کا دورہ منسوخ کردیا

اسحاق ڈار نے ملکی سیاسی صورتحال کے باعث دورہ امریکا منسوخ کیا

اسلام آباد (اسد جعفری سے) وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے امریکا کا دورہ منسوخ کردیا۔ اسحاق ڈار نے ملک میں جاری سیاسی صورتحال کے باعث دورہ امریکا منسوخ کیا۔ وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے 10 اپریل سے عالمی بینک اور آئی ایم ایف کے اجلاس میں شرکت کرنا تھی۔ انہوں نے دورے کے دوران یو اے ای حکام سے بھی ملاقاتیں کرنا تھیں۔ اب عالمی بینک اور آئی ایم ایف کے اجلاس میں پاکستانی وفد شریک ہوگا۔ قبل ازیں بتایا گیا تھا کہ وزیر خزانہ اسحاق ڈار رواں ماہ واشنگٹن جائیں گے جہاں وہ (بقیہ نمبر 30)

اسلام آباد ہائیکورٹ نے پی ٹی آئی رہنما مراد سعید کو گرفتار کرنے سے روک دیا

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) سابق وفاقی وزیر اور پی ٹی آئی رہنما مراد سعید کی جانب سے مقدمات کی تفصیلات فراہمی اور گرفتاری سے روکنے کی درخواست پر سماعت ہوئی، جس میں اسلام آباد ہائی کورٹ کیسز کی تفصیلات آنے تک مراد سعید کے خلاف تادیبی کارروائی نہ کرنے کا حکم دے دیا۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے جسٹس ارباب محمد (بقیہ نمبر 34)

مارچ میں لاپتا افراد کے 141 مقدمات درج، 59 نمٹا دیے گئے

لاپتا افراد کمیشن نے پیش رفت رپورٹ سپریم کورٹ میں جمع کرادی

لاپتا افراد کمیشن کے پاس اس وقت زیر التوا مقدمات کی تعداد 2370 ہے

اسلام آباد (اسد جعفری سے) لاپتا افراد کمیشن نے پیش رفت رپورٹ سپریم کورٹ میں جمع کرادی، جس کے مطابق مارچ کے مہینے میں لاپتا افراد کے 141 مقدمات درج ہوئے اور 59 نمٹا دیے گئے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ مارچ میں 47 لاپتا افراد گھروں کو واپس پہنچے جب کہ 3 کی لاشیں ملیں۔ 2 لاپتا افراد ملک کی مختلف جیلوں میں پائے گئے۔ علاوہ ازیں نمٹائے گئے 7 مقدمات جبری گمشدگی کے کیسز نہیں بنتے تھے۔ کمیشن کو لاپتا افراد کے مجموعی طور پر 9534 مقدمات موصول ہوئے۔ کمیشن کی جانب سے جمع کرائی گئی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ 31 مارچ تک لاپتا افراد کمیشن نے 7105 مقدمات نمٹائے۔ لاپتا افراد کمیشن کے پاس اس وقت زیر التوا مقدمات کی تعداد 2370 ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ مارچ میں 47 لاپتا افراد گھروں کو واپس پہنچے جب کہ 3 کی لاشیں ملیں۔ 2 لاپتا افراد ملک کی مختلف جیلوں میں پائے گئے۔ علاوہ ازیں نمٹائے گئے 7 مقدمات جبری گمشدگی کے کیسز نہیں بنتے تھے۔ (بقیہ نمبر 35)

حکومت بوکھلاہٹ کا شکار ہے، سپریم کورٹ نے تاریخ ساز فیصلہ دیا، شہزاد وسیم

اسلام آباد (اسد جعفری سے) سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر شہزاد وسیم کا کہنا ہے کہ حکومت بوکھلاہٹ کا شکار ہے، سپریم کورٹ نے تاریخ ساز فیصلہ دیا، حکومت کا ہر قدم توہین عدالت یا آئین شکن ہے، حکومتی ہتھکنڈوں کے باوجود عدالت ثابت قدم رہی۔ چیئرمین صادق سنجرانی کی زیر صدارت سینیٹ اجلاس ہوا، اجلاس میں پاک (بقیہ نمبر 36)

لائنوں میں کھڑا کرکے اشیائے خورونوش تقسیم کرنا عزت نفس مجروح کرنا قرار

حکومتی فنڈ سے اپنی حکومتی کارکردگی کی تشہیر کرنا کرپٹ پریکٹس اور بددیانتی ہے، لاہور ہائی کورٹ

لاہور (نیوز رپورٹر) ہائی کورٹ نے مفت آٹے کی تقسیم کی تشہیر روکنے کے لیے دائر درخواست کا تحریری حکم جاری کردیا، جس میں کہا گیا ہے کہ لائنوں میں کھڑا کرکے اشیائے خورونوش تقسیم کرنا عزت نفس مجروح کرنا ہے۔ لاہور ہائی کورٹ کے جسٹس شاہد جمیل نے آٹے کی تقسیم سے متعلق درخواست کا تحریری حکم جاری کردیا، جس کے مطابق آئین کا آرٹیکل 14 انسانی عزت وتکریم کی بات کرتا ہے۔ مستحق لوگوں کو اشیائے خورونوش کی فراہمی کا طریقہ کار کے دوران آئین کے آرٹیکل 14 کی خلاف ورزی (بقیہ نمبر 37)

دعا میرج کنسلٹینسی کی جانب سے پندرہ روزہ نماز تراویح کا اہتمام

تقریب کی مہمان خصوصی دعا میرج کنسلٹینسی کی سی ای او محترمہ شازیہ ظہیر صاحبہ تھیں

اپنے خطاب میں شازیہ ظہیر صاحبہ نے ماہ رمضان کی اہمیت وفضیلت کو اجاگر کیا

راولپنڈی (اسپیشل رپورٹر) دعا میرج کنسلٹینسی کی جانب سے پندرہ روزہ نماز تراویح کا اہتمام کیا گیا تھا گزشتہ رات تکمل قرآن پاک کے موقع پر فاتحہ خوانی اور دعا کی گئی اس تقریب کی مہمان خصوصی دعا میرج کنسلٹینسی کی سی ای او محترمہ شازیہ ظہیر صاحبہ تھیں۔ اپنے خطاب میں شازیہ ظہیر صاحبہ نے ماہ رمضان کی اہمیت وفضیلت کو اجاگر کیا۔ قرآن پاک کو پڑھنے اور سمجھنے کی تلقین کی اور ساتھ ہی دعا میرج کنسلٹینسی اینڈ ٹریننگ اکیڈمی میں شامل خواتین کی حوصلہ افزائی کی کہ اس ماہ مقدس میں عبادات کے ساتھ ساتھ اپنی پروفیشنل ورکنگ بھی جاری رکھی ہے۔ محترمہ شازیہ ظہیر نے یہ پیغام دیا کہ رشتے کروانا اللہ سبحان تعالی کے نزدیک ایک پسندیدہ ترین عمل ہے اس ماہ رمضان کے مقدس مہینے میں ڈی ایم سی ٹریننگ اکیڈمی کی میچ میکرز نیر رشتے جوڑنے کا فریضہ بھی ادا کیا ڈی ایم سی کی ممبرز نے بخوبی انجام دیا محترمہ شازیہ ظہیر نے میچ میکرز کو پیغام دیا کہ وہ فی سبیل اللہ رشتے کروا کر معاشرے میں بڑھتی ہوئی بے راہ روی کو ختم (بقیہ نمبر 42)

فیصل آباد میں دو مختلف ٹریفک حادثات میں 2 افراد جاں بحق اور 24 افراد زخمی ہوگئے

فیصل آباد (نیوز رپورٹر) فیصل آباد میں دو مختلف ٹریفک حادثات میں 2 افراد جاں بحق اور 24 افراد زخمی ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق فیصل آباد میں ٹرک کے نیچے آنے سے مزدور جاں بحق ہوگیا، بس اور موٹر سائیکل میں تصادم کے نتیجہ میں ایک شخص جاں بحق اور اسکا بھائی زخمی ہوگیا، زائرین سے بھری کوسٹر الٹنے سے 23 افراد زخمی ہوگئے۔ ریسکیو ترجمان زاہد لطیف نے بتایا کہ جھنگ روڈ پر لکڑ منڈی اتفاق کنڈا کے قریب ٹرک کے ٹائر کے قریب بیٹھا مزدور چالیس سالہ ایم رمضان ولد احمد ساکن 177 (بقیہ نمبر 41)

سعودی عرب سے پاکستان کو قرض ملنے کی تصدیق کے بعد ڈالر کی قیمت میں کمی کا سلسلہ جاری

کراچی (جنرل رپورٹر) سعودی عرب سے پاکستان کو قرض ملنے کی تصدیق کے بعد ڈالر کی قیمت میں کمی کا سلسلہ جاری ہے۔ آئی ایم ایف قرض پروگرام کی بحالی کے امکانات سے جمعرات کو زرمبادلہ کی دونوں مارکیٹوں میں امید کی کرن پیدا ہوئی اور روپیہ ایک بار پھر استحکام کی جانب گامزن ہوا۔ آج انٹربینک میں ڈالر ایک روپے 17 پیسے سستا ہوگیا۔ انٹربینک میں ڈالر 283 روپے (بقیہ نمبر 40)

خیبر پختونخوا پولیس کی شہید اہلکاروں کی بلٹ پروف جیکٹس، ہیلمٹس سے گولیاں آر پار ہونے کی تردید

پشاور (سٹی رپورٹر) خیبر پختونخوا پولیس نے ان میڈیا رپورٹس کی تردید کردی جن میں دعویٰ کیا گیا تھا کہ 3 اپریل کو کوہاٹ حملے میں عسکریت پسندوں کی جانب سے چلائی گئی گولیاں بلٹ پروف جیکٹوں اور ہیلمٹ کے آر پار ہوجانے سے دو پولیس اہلکار شہید ہوگئے تھے۔ رپورٹ کے مطابق فارنزک سائنس لیبارٹری کے ڈائریکٹر وقار احمد نے صحافیوں کو بتایا کہ ہمارے (پولیس) اہلکاروں نے (بقیہ نمبر 39)

شہداد کوٹ: شہداد کوٹ: تالاب میں ڈوب کر 2 کمسن بھائی جاں بحق

KPK پنجاب اور از خود نوٹس کیس جسٹس اطہر من اللہ کا تفصیلی نوٹ جاری

درخواست پر جس طرح کارروائی شروع کی گئی اس سے عدالت تنازعات کا شکار ہوئی

سپریم کورٹ سمیت تمام اداروں کو انا ایک طرف رکھ کر اپنی آئینی ذمہ داریاں پوری کرنی چاہیے، تفصیلی نوٹ

اسلام آباد (نامہ نگار) پنجاب اور خیبر پختونخوا انتخابات از خود نوٹس پر سپریم کورٹ کے ایک اور جج نے تفصیلی نوٹ جاری کردیا۔ تفصیلات کے مطابق پنجاب اور خیبر پختونخوا انتخابات از خود نوٹس پر سپریم کورٹ کے جسٹس اطہر من اللہ نے تفصیلی نوٹ جاری کیا ہے، تفصیلی نوٹ 25 صفحات پر مشتمل ہے۔ تفصیلی نوٹ میں کہا گیا ہے کہ درخواست پر جس طرح کارروائی شروع کی گئی اس سے عدالت تنازعات کا شکار ہوئی، کارروائی شروع کرنے سے سیاسی اسٹیک ہولڈرز کو عدالت پر اعتراض اٹھانے کی دعوت دی گئی۔ عدالتی کارروائی کے دوران میں عدالت میں اعتراضات داخل کرائے گئے (بقیہ نمبر 38)

نجی ایئر لائن کی پرواز میں فنی خرابی، متعدد مسافروں کی طبیعت بگڑ گئی

مسافروں کی طبیعت پرواز میں فنی خرابی کے باعث اے سی بند ہونے سے ہوئی

کراچی (سٹی رپورٹر) نجی ایئر لائن کی پرواز میں فنی خرابی کے باعث اے سی بند ہوگیا، متعدد مسافروں کی طبیعت بگڑ گئی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق کراچی سے اسلام آباد کی پرواز میں فنی خرابی کے باعث اے سی بند ہوگیا جس کے بعد مسافروں کی طبیعت بگڑ گئی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ٹیکسی کے دوران طیارے میں فنی خرابی پیدا ہوئی۔ طیارے میں تکنیکی خرابی کے باعث اے سی بھی بند ہوگیا۔ نجی ایئر لائن کی پرواز دوپہر 12 بجے شیڈول تھی، طیارے کا اے سی بند ہونے سے متعدد مسافروں کی طبیعت بگڑ گئی۔ پرواز میں 160 سے زائد مسافر سوار تھے۔ سول ایوی ایشن ذرائع کے مطابق ممکنہ طور پر طیارے کے (بقیہ نمبر 43)

اسلام آباد: الیکشن کمیشن کو 10 اپریل تک انتخابات کیلئے فنڈز ملنے کے امکانات نہیں

باڑہ حاجی معروف آفریدی کی خصوصی ہدایت

معروف کاروان روزگار پروگرام آج بھی جاری وساری۔ الحمداللہ

ضلع خیبر (اکبر آفریدی) باڑہ حاجی معروف آفریدی کی خصوصی ہدایت پر معروف کاروان روزگار پروگرام آج بھی جاری وساری۔ الحمداللہ اس ضمن میں مشترکہ آفریدیا قوام عزیز مارکیٹ فقیر آباد حاجی ظاہر شاہ آفریدی حجرہ پروکشنل سنٹر کا افتتاح کیا گیا۔ جس میں غریب اور بیوہ خواتین کو سلائی کڑھائی سکھائی جائی گی اس موقع پر معروف کاروان مشترکہ اقوام صدر ہارون الرشید اور دیگر زمہ داران نے (بقیہ نمبر 45)

اینٹی کرپشن نے ریسکیو 1122 میں مبینہ کرپشن کی انکوائری بند کردی

لاہور (سٹی رپورٹر) اینٹی کرپشن نے ریسکیو 1122 میں مبینہ کرپشن کی انکوائری بند کردی۔ ذرائع کے مطابق محکمہ اینٹی کرپشن کی جانب سے ریسکیو 1122 میں مبینہ کرپشن کی (بقیہ نمبر 44)

اسموگ تدارک کیس، لاہور میں عید تک مارکیٹیں اور دکانیں رات 1 بجے تک کھولنے کی اجازت

لاہور (اسپیشل رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے شہر میں عید الفطر تک مارکیٹیں اور دکانیں رات ایک بجے تک کھولنے کی اجازت دے دی۔ تفصیلات کے مطابق لاہور ہائیکورٹ میں سموگ کے تدارک سے متعلق درخواستوں پر سماعت ہوئی، جسٹس شاہد کریم نے درخواستوں پر سماعت کی۔ عدالت نے عید الفطر تک مارکیٹیں رات ایک بجے تک (بقیہ نمبر 46)

کراچی: کراچی کے عوام ایم کیو ایم کے کھوکھلے دعوں سے مزید بیوقوف نہیں بنیں گے: علی زیدی

راولپنڈی میں پونے پانچ کروڑ روپے کی ڈکیتی کا مقدمہ درج

مقدمہ تاجر شیخ اقبال حسین کی مدعیت میں درج کیا گیا، پولیس نے تحقیقات شروع کردی

راولپنڈی (خبر نگار) تھانہ روات کے علاقے میں نجی سوسائٹی میں 4 کروڑ 75 لاکھ روپے کی ڈکیتی کا مقدمہ پولیس نے تاجر شیخ اقبال حسین کی مدعیت میں درج کرلیا۔ مقدمہ ڈکیتی کی دفعہ 392 ت پ کے تحت درج کیا گیا ہے۔ مدعی مقدمہ کے مطابق میں نجی ہاؤسنگ سوسائٹی میں فیملی کے ساتھ رہائش پذیر ہوں۔ صدر آفس سے ڈرائیور تفسیر کو نیلے رنگ کا بیگ جس میں 4 کروڑ 75 لاکھ کی رقم تھی، دے کر گھر بھجوایا۔ ڈرائیو گھر پہنچا اور گاڑی سے اتر کر رقم والا بیگ لیے گھر کے اندر جانے لگا کہ اچانک 2 موٹر سائیکل سوار، جنہوں نے بائیکیا والے ہیلمٹ پہن رکھے تھے آگئے اور دونوں نے اسلحہ کی نوک پر ڈرائیور سے بیگ جس میں 4 کروڑ 75 لاکھ روپے کی رقم تھی چھین کر فرار ہوگئے۔ مقدمے کے متن میں بتایا گیا ہے کہ ڈرائیور نے اطلاع دی تو میں بھی گھر آگیا۔ ملزمان نے واردات کرکے سخت زیادتی کی۔ مقدمہ درج کرکے رقم برآمد کرائی جائے۔ دوسری جانب پولیس کا کہنا ہے کہ مقدمہ درج کرکے تفتیش (بقیہ نمبر 47)

جسٹس اطہر من اللہ نے بھی 90 دن کے اندر الیکشن کے اصول کو تسلیم کیا ہے، فواد چوہدری

90 روز میں الیکشن سے متعلق جسٹس اطہر من اللہ نے لاہور ہائیکورٹ کے فیصلے کا حوالہ دیا ہے، رہنماء تحریک انصاف

سیکشن غیر آئینی قرار دیے جانے کے اگلے دن اسلام آباد پولیس نے عمران خان کے خلاف اسی دفعہ کے تحت ایف آئی آر درج کرلی

لاہور (خبر نگار) تحریک انصاف کے مرکزی سینئر نائب صدر اور سابق وفاقی وزیر فواد چودھری نے کہا ہے کہ جسٹس اطہر من اللہ نے بھی نوے دن کے اندر انتخابات کے اصول کو تسلیم کیا ہے۔ مائیکرو بلاگنگ ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے پیغام میں فواد چودھری نے کہا کہ 90 روز میں الیکشن سے متعلق جسٹس اطہر من اللہ نے لاہور ہائیکورٹ کے فیصلے کا حوالہ دیا ہے، ہمارا بنیادی مسئلہ الیکشن ہیں، جج یا پنچ ہمارا مسئلہ نہیں۔ ایک دوسرے ٹویٹ میں فواد چودھری نے کہا کہ پاکستان پینل کوڈ کے سیکشن 124 اے کو لاہور ہائی کورٹ کی جانب سے غیر آئینی قرار دے دیا گیا ہے، سیکشن غیر آئینی قرار دیے جانے کے اگلے دن اسلام آباد پولیس نے عمران خان کے خلاف اسی دفعہ کے تحت ایف آئی آر درج کرلی۔ انہوں نے کہا کہ کیا یہی وہ احترام ہے جس کا مظاہرہ حکومت اب عدالتوں کی طرف مسلسل کر رہی ہے؟۔ پاکستان پینل کوڈ کے سیکشن 124 اے کو لاہور ہائی کورٹ کی جانب سے غیر آئینی قرار دے دیا گیا ہے، سیکشن غیر آئینی قرار دیے جانے کے اگلے دن اسلام آباد پولیس نے عمران خان کے خلاف اسی دفعہ کے تحت ایف آئی آر درج کرلی۔

صوابی کے علاقہ شیرہ غنڈ میں فائرنگ کے نتیجے میں ایک شخص زخمی ہوگیا

پشاور (نیوز رپورٹر) صوابی کے علاقہ شیرہ غنڈ میں فائرنگ کے نتیجے میں ایک شخص زخمی ہوگیا۔ میڈیا کوارڈینیٹر ریسکیو 1122 صوابی کے مطابق گاؤں شیرہ غنڈ کے مقام پر نامعلوم وجوہات کی بنا پر مبینہ طور پر گولی لگنے سے ایک شخص زخمی ہوگیا (بقیہ نمبر 54)

ایس ایچ او تھانہ گوجر خان اور انکی ٹیم منشیات فروشوں کے خلاف کمربستہ

مخبر خاص کی اطلاع پر ریڈ بھاری مقدار میں چرس برآمد مقدمہ درج ملزم پابند سلاسل

منشیات جیسے ناسور کا مکروہ دھندہ کرنے والے کسی بھی قسم کی رعایت کے مستحق نہیں، ایس ایچ او

گوجر خان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او تھانہ گوجر خان ملک محمد نواز اور انکی ٹیم منشیات فروشوں کے خلاف کمربستہ منشیات فروش گرفتار بھاری مقدار میں چرس برآمد پولیس تھانہ گوجر خان کی اس کاروائی پر ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر نے شاباش دی اور انکی کارکردگی کو سراہا پولیس تھانہ گوجر خان سب انسپکٹر سکندر اعظم کو مخبر خاص نے اطلاع دی کہ یا علی مدد چوک صندل چوک میں مشہور زمانہ منشیات فروش آصف عرف بو گاہکوں کو منشیات فروخت کر رہا ہے اگر بروقت کاروائی کی جائے تو ملزم بھاری منشیات سمیت گرفتار ہوسکتا ہے ایس آئی سکندر اعظم نے مخبر کی اطلاع کو معقول جانتے ہوئے ریڈنگ ٹیم تشکیل دی اور جب یا علی مدد چوک پہنچے تو مخبر خاص کے اشارے پر ایک شخص کو قابو کرلیا جس نے بعد از دریافت اپنا نام آصف عرف ببو ولد نذیر حسین سکنہ صندل بتایا جسکے ہاتھ میں نیلے رنگ کا ایک شاپر تھا جسکی پڑتال کرنے پر اس میں سے چرس برآمد ہوئی جسکا وزن کرنے پر 2600 گرام وزنی ہوا جس میں سیمپل کے طور پر پارسل تیار کیے گے اور مقدمہ انچارج این آئی یو عارف محمود کو مزید تفتیش کیلئے بھیج دیا گیا ایس ایچ او تھانہ گوجر خان نے کہا کہ منشیات جیسے ناسور کا مکروہ دھندہ کرنے والے کسی بھی قسم کی رعایت کے مستحق نہیں ایسے عناصر کے خلاف بلاتفریق کاروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

جمیل شاہد خان نے کہا کہ آرڈیننس کے سیکشن 7 ای (2) (d) کی شق (i)، (iii) اور (iv) کے تحت لوگوں کو چھوڑنا امتیازی سلوک ہے

جائیداد کی قدر کو آمدنی سمجھنا وفاقی دائرہ اختیار سے باہر ہے، لاہور ہائیکورٹ

آرڈیننس کے تحت بعض افراد کو، مثال کے طور پر شہدا اور ان کے زیر کفالت افراد اور سابق فوجیوں کو چھوڑنا امتیازی سلوک ہے

عدالت نے انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن ای-7 کے تحت غیر منقولہ جائیدادوں سے متوقع آمدن پر ٹیکس کو آئین کے خلاف قرار دیا

لاہور (نامہ نگار) لاہور ہائی کورٹ نے انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن ای-7 کے تحت غیر منقولہ جائیدادوں سے متوقع آمدن پر ٹیکس کو آئین کے خلاف قرار دیا ہے، یعنی یہ دائرہ کار سے متجاوز اور اختیار سے باہر ہے۔ فیصلے میں قرار دیا گیا کہ غیر منقولہ جائیداد کی مارکیٹ ویلیو کو آمدنی سمجھنا وفاقی مقننہ کی اہلیت سے باہر ہے۔ رپورٹ کے مطابق 50 صفحات پر مشتمل فیصلے میں جسٹس شاہد جمیل خان نے یہ بھی قرار دیا کہ آرڈیننس کے تحت بعض افراد کو، مثال کے طور پر شہدا اور ان کے زیر کفالت افراد اور سابق فوجیوں کو چھوڑنا امتیازی سلوک ہے اور آئین کے آرٹیکل 25 کی خلاف ورزی ہے جس کے مطابق تمام شہری قانون کے سامنے برابر ہیں اور قانون کے مساوی تحفظ کے حقدار ہیں۔ فیصلے میں غیر منقولہ جائیداد پر انکم ٹیکس لگانے کی وفاقی مقننہ کی اہلیت کا جائزہ لیا گیا۔ فیصلے میں جسٹس شاہد جمیل خان نے ٹیکس دہندگان کی ایک ہزار سے زائد درخواستوں کو منظور کیا جس میں وفاقی حکومت کی ٹیکس عائد کرنے کی قانون سازی (بقیہ نمبر 48)

میٹروسٹی گوجر خان میں مین گیٹ کی تعمیر کے لیے لگائی جانے والی شٹرنگ سحری ٹائم ٹوٹ گی

11 مزدور ملبے تلے آنے سے زخمی ابتدائی طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل

گوجر خان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق گوجر خان میٹروسٹی میں زیر تعمیر مین گیٹ کی شٹرنگ ٹوٹنے سے 11 مزدور زخمی گوجر خان کے علاقہ بھائی خان میں میٹروسٹی ہاؤسنگ سوسائٹی کے مین گیٹ کی تعمیر جاری تھی جو کہ 25 فٹ کی بلندی پر پہنچ چکی تھی کہ اچانک شٹرنگ ٹوٹ گئی جس کے نتیجے میں کام کرنے والے 11 مزدور ملبے کے نیچے آکر زخمی ہوگئے تمام زخمیوں کو ہسپتال منتقل کیا گیا جہاں ان کو طبی امداد فراہم کی گئی زخمیوں کی شناخت مقصود، عدیل، بلال، حیدر،

سینٹورس مال کے ملازمین پر تشدد کا الزام، وزیر اعظم آزاد کشمیر کے بیٹے کے وارنٹ گرفتاری جاری

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) سینٹورس مال کے ملازمین پر تشدد کرنے کے الزام میں ملزم کی گرفتاری کے لیے وارنٹ موصول ہوگئے۔ اس حوالے سے رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ وزیر اعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس کے بیٹے عمر تنویر کی وارنٹ گرفتاری پولیس نے حاصل کرلیے۔ مارگلہ پولیس نے ڈیوٹی جج محمد نوید خان کی عدالت سے وارنٹ (بقیہ نمبر 56)

ضمنی الیکشن کے لئے مسلم لیگ ن نے میدان کھلا چھوڑ دیا

پارٹی قیادت کے حکم پر میاں طاہر جمیل نے کاغذات نامزدگی واپس لے لئے

فیصل آباد (نیوز رپورٹر) فیصل آباد شہر کے حلقہ این اے 108 میں 30 اپریل کو ہونے والے ضمنی الیکشن کے لئے مسلم لیگ ن نے میدان کھلا چھوڑ دیا۔ پارٹی قیادت کے حکم پر میاں طاہر جمیل نے کاغذات نامزدگی واپس لے لئے۔ الیکشن کمیشن نے باقی 3 امیدواروں کو انتخابی الاٹ کردیئے جن میں تحریک انصاف کے میاں فرخ حبیب کو انتخابی نشان بلا، تحریک لبیک پاکستان کے محمد سجاد اختر قادری کو کرین اور پاکستان نظریاتی پارٹی کے خرم شہزاد کو ریلوے انجن کا انتخابی نشان الاٹ کیا گیا ہے۔

سیالکوٹ پولیس، جعلی اشٹام تیار کرکے بجلی کا میٹر اپنے نام منتقل کروانے پر ایک شخص گرفتار

سیالکوٹ (خبر نگار) سیالکوٹ پولیس نے جعلی اشٹام تیار کرکے بجلی کا میٹر اپنے نام منتقل کروانے پر ایک شخص کو گرفتار کرلیا ہے۔ سیالکوٹ کی تحصیل سمبڑیال کے شہری محمد احمد کی درخواست پر ایس ڈی او کے احکامات پر تھانہ سمبڑیال پولیس (بقیہ نمبر 59)

گوجرانوالہ: موٹر سائیکل کی بیریئر سے ٹکر، کانسٹیبل سمیت 2 افراد جاں بحق

گوجرانوالہ (جنرل رپورٹر) پنجاب کے ضلع گوجرانوالہ میں نواب چوک کے قریب ایک تیز رفتار موٹر سائیکل پولیس بیریئر سے ٹکرا گئی۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق حادثے میں پولیس کانسٹیبل سمیت 2 افراد جاں بحق ہوگئے۔ ریسکیو ذرائع نے بتایا ہے کہ ریسکیو اہلکاروں نے لاشوں کو ڈی ایچ (بقیہ نمبر 60)

ناقص صفائی پر کے پی میں پانچ بیکری یونٹس بند کردیے گئے

خیبر پختونخوا فوڈ سیفٹی اینڈ حلال فوڈ اتھارٹی کی ضلع دیر اپر اور صوابی میں کارروائی

صوبے کے تمام اضلاع میں ملاوٹ مافیا کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں، شاہ رخ علی خان

پشاور (جنرل رپورٹر) خیبر پختونخوا فوڈ سیفٹی اینڈ حلال فوڈ اتھارٹی نے ضلع دیر اپر اور صوابی میں کریک ڈاؤن کرتے ہوئے پانچ بیکری یونٹس بند کردیے۔ ترجمان فوڈ اتھارٹی کے مطابق فوڈ سیفٹی ٹیموں نے مختلف کریانہ، ہول سیل اور میٹ شاپس، بیکری پروڈکشن یونٹس اور ہوٹلز کا معائنہ کیا۔ ناقص صفائی، نان فوڈ گریڈ کلر اور گندے انڈوں کے استعمال پر دیر اپر میں تین اور صوابی میں دو بیکری پروڈکشن یونٹس سربمہر کیے گئے۔ صوابی فوڈ سیفٹی ٹیم نے ایک ہول سیل شاپ سے 720 کلو گرام مس لیبل گھی برآمد کرکے ضبط بھی کیا۔ ڈائریکٹر جنرل فوڈ اتھارٹی شاہ رخ علی خان کا کہنا ہے کہ صوبے کے تمام (بقیہ نمبر 61)

فیصل آباد، دو ماہ میں 44 گینگ ٹریس، 136 ملزم گرفتار،

چوری شدہ 39 کاریں، 2 ٹرک 199 موٹر سائیکل، 27 مویشی 119 موبائل فون برآمد

فیصل آباد (کرائم رپورٹر) سٹی پولیس نے گزشتہ دو ماہ کے دوران فیصل آباد میں 44 گینگ ٹریس کرکے ان کے 136 ملزم گرفتار لئے اور ان کے قبضے سے 39 کاریں، 2 ٹرک، 1 ویگن، 1 کیری ڈبہ، 199 موٹر سائیکل، 27 مویشی، 119 موبائل فون برآمد کیے۔ برآمد شدہ مال مالکان کے حوالے کرنے کے سلسلہ میں آج پولیس لائنز میں ایک تقریب تقسیم مال مسروقہ / بازیافتہ کا انعقاد کیا (بقیہ نمبر 62)

کراچی: گورنر سندھ کامران ٹیسوری کی 16 ممالک کے سفارتکاروں کو افطار پارٹی

ایڈیٹر انچیف۔۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

عوامی للکار بچت بازار

Awami Lalkaar Bachat BAZAR

عوامی للکار کے ہر پیر کے شمارے میں آئے گا

عوامی للکار بچت بازار کا

"اسپیشل ایڈیشن" جس میں ہر کوئی اپنا اشتہار انتہائی سستے ریٹس میں بک کروا سکے گا۔

ریٹ لسٹ

Full Page:	8,000/-
Half Page:	5,000/-
Quater Page:	2,500/-
20x3:	1,500/-
10x3:	500/-
Visiting Card Size:	100/-

ابھی اپنا ڈیٹا واٹس ایپ کرکے اشتہار بک کروائیں

Whatsapp: 0309-7900035

Email- info@awamilalkaar.com

ABC عوام کی بے ساختہ للکار

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار